مفعول سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا — قُلْ اِنَّ الْاَمْرَ کُلَّهٗ لِلّٰهِ (آپ فرما دیجئے سب اختیار اللہ تعالی کے لئے ہے) قُلْ فعل امر حاضر معروف واحد مذکر اس میں انت فاعل اِنَّ حرف مشبہ بفعل الامر مؤکد کُلَّهٗ ترکیب اضافی تاکید، مؤکد اپنی تاکید سے مل کر اسم ہوا اِنَّ کا لِلّٰهِ جار مجرور ہو کر قائم، قائم خبر حرف مشبہ بفعل اپنے اسم و خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہو کر مقولہ، مقول قول اپنے مقولے سے مل کر ارشاد ہوا اور مفعول ہے۔ فعل اپنے فاعل اور مفعول سے مل کر جملہ فعلیہ انشائیہ ہوا — لَاَمْلَئَنَّ جَهَنَّمَ مِنَ الْجِنَّةِ وَالنَّاسِ اَجْمَعِیْنَ (میں ضرور جہنم کو ضرور بھر دوں گا تمام جنات اور آدمیوں سے) لَ معنی قسم مستقل لام تاکید، نون تاکید ثقیلہ، جس میں انا ضمیر پوشیدہ فاعل جَهَنَّمَ مفعول بہ مِنْ حرف جار الْجِنَّةِ معطوف علیہ واؤ حرف عطف النَّاسِ معطوف، معطوف علیہ اپنے معطوف سے مل کر مؤکد اَجْمَعِیْنَ تاکید، مؤکد اپنی تاکید سے مل کر مجرور، جار اپنے مجرور سے مل کر ظرف لغو، فعل اپنے فاعل مفعول بہ اور ظرف لغو سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا — فَسَجَدَ الْمَلٰٓئِکَةُ کُلُّهُمْ (پس تمام فرشتوں نے سجدہ کیا) فا عاطفہ سَجَدَ فعل ماضی معروف واحد مذکر غائب ضمیرے فاعل الْمَلٰٓئِکَةُ مؤکد کُلُّهُمْ ترکیب اضافی تاکید، مؤکد اپنی تاکید سے مل کر فاعل، فعل اپنے فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا — اِقْتَرَبَتِ السَّاعَةُ وَانْشَقَّ الْقَمَرُ (قیامت قریب ہوئی اور چاند پھٹ گیا) اِقْتَرَبَتْ فعل ماضی معروف واحد مؤنث غائب ضمیرے السَّاعَةُ فاعل، فعل اپنے فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر معطوف علیہ واؤ حرف عطف اِنْشَقَّ فعل ماضی معروف واحد مذکر غائب ضمیرے الْقَمَرُ فاعل، فعل اپنے فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر معطوف، معطوف علیہ اپنے معطوف سے مل کر جملہ معطوفہ ہوا — وَرَفَعْنَا لَکَ ذِکْرَکَ (اور ہم نے بلند کیا تیرے لئے تیرے ذکر کو) واؤ عاطفہ رَفَعْنَا فعل ماضی معروف جمع متکلم اس میں نَا ضمیر متصل مرفوع بارز فاعل لَکَ جار مجرور ہو کر ظرف لغو، ذِکْرَکَ ترکیب اضافی مفعول بہ، فعل اپنے فاعل، ظرف لغو اور مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا — وَلَقَدْ اَرَیْنٰهُ اٰیٰتِنَا کُلَّهَا فَکَذَّبَ وَاَبٰی (اور تحقیق کہ ہم نے اس کو اپنی تمام نشانیاں دکھائیں پس اس نے جھٹلایا اور انکار کیا) واؤ عاطفہ لام مفتوح برائے جواب قسم قَدْ حرف تحقیق اَرَیْنَا فعل ماضی معروف جمع متکلم نَا ضمیر متصل مرفوع بارز فاعل ہ ضمیر مفعول بہ اوّل اٰیٰتِنَا ترکیب اضافی مؤکد کُلَّهَا ترکیب اضافی تاکید، مؤکد اپنی تاکید سے مل کر مفعول بہ ثانی، فعل اپنے فاعل اور دونوں مفعول سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر معطوف علیہ فا حرف عطف برائے تعقیب کَذَّبَ فعل ماضی معروف واحد مذکر غائب با فاعل، فعل اپنے فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر

معطوف واؤ حرف عطف أتى فعل ماضی معروف واحد مذکر غائب اس کا فاعل، فعل اپنے فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر معطوف، معطوف علیہ اپنے دونوں معطوف سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوفہ ہوا — إِنَّ اللّٰهَ يَغْفِرُ الذُّنُوبَ جَمِيعًا (بے شک اللہ تعالیٰ تمام گناہوں کو بخش دیتا ہے) إنّ حرف مشبہ بفعل لفظ جلالت اس کا اسم يغفرُ فعل مضارع معروف واحد مذکر غائب اس میں ھو کی ضمیر پوشیدہ فاعل الذنوب موکد جمیعًا تاکید، موکد اپنی تاکید سے مل کر مفعول بہ، فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر خبر، حرف مشبہ بفعل اپنے اسم و خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا — یا أَهْلَ الْكِتَابِ لِمَ تَلْبِسُونَ الْحَقَّ بِالْبَاطِلِ وَتَكْتُمُونَ الْحَقَّ وَأَنْتُمْ تَعْلَمُونَ (اے اہل کتاب تم لوگ حق کو باطل کے ساتھ کیوں ملاتے ہو، اور حق کو چھپاتے ہو، اور حال یہ ہے کہ تم جانتے ہو) یا حرف ندا قائم مقام ادعو فعل مضارع معروف واحد متکلم، فاعل اهل الکتاب بترکیب اضافی مفعول بہ منادیٰ، فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ منادیٰ سے مل کر جملہ فعلیہ انشائیہ ہوا — لِمَ حرف استفہام تلبسون فعل مضارع معروف جمع مذکر حاضر واؤ ضمیر متصل مرفوع بارز فاعل الحق مفعول بہ بالباطل جار مجرور ہو کر ظرف لغو، فعل اپنے فاعل، مفعول بہ اور ظرف لغو سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر معطوف علیہ، واؤ حرف عطف تکتمون فعل مضارع معروف جمع مذکر حاضر اس میں واؤ ضمیر متصل مرفوع بارز فاعل الحق مفعول بہ واؤ حالیہ انتم ضمیر جمع مذکر حاضر کی مرفوع منفصل مبتدا تعلمون فعل مضارع، واؤ فاعل، فعل اپنے فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر خبر، مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہو کر حال، ذوالحال اپنے حال سے مل کر فاعل، فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر معطوف، معطوف علیہ اپنے معطوف سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوفہ ہوا — إِنَّكَ تَهْدِي إِلَى صِرَاطٍ مُسْتَقِيمٍ (بے شک آپ سیدھے راستے کی جانب رہنمائی کرتے ہیں) إنّ حرف مشبہ بفعل کَ ضمیر اس کا اسم تھدی فعل مضارع معروف واحد مذکر حاضر اس میں انت کی ضمیر پوشیدہ فاعل الیٰ حرف جار صراط مستقیم بترکیب توصیفی مجرور، جار اپنے مجرور سے مل کر ظرف لغو، فعل اپنے فاعل اور ظرف لغو سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر خبر، إنّ حرف مشبہ بفعل اپنے اسم و خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا —

(اسم تفضیل کا استعمال)

— المُتَدَاوَلُ (بہت مشہور) الشُغلُ (کام) جمع أشغال، شُغُول، شُغلات واحد شُغلَةٌ جمع شُغلات — المَتَانَةُ (قوی، مضبوط ہونا) الجُوعُ (بھوک) جمع

جِياع — الأخمصُ [illegible] أخامص أخامیص — الأسهلُ (زیادہ سہل) اسم تفضیل باب نصر — جُثّة (العاطا، ابدان) جمع جُثث، جثمان، الجثمان جمع جثامین — القامةُ [illegible] لوگوں کی جماعت، بدن، قد و قامت، جمع قِمَم — الأعلمُ (زیادہ جاننے والا) اسم تفضیل باب علم — الأحَدُّ (زیادہ تیز) اسم تفضیل باب ضرب — الأدقُّ (زیادہ باریک) اسم تفضیل باب ضرب — الأیسرُ (زیادہ آسان) اسم تفضیل باب ضرب — الطُرُقُ (راستے) واحد طریق —

هٰذَا الأَمْرُ أَشَدُّ عَلَى زَيْدٍ (یہ حکم زید پر زیادہ سخت ہے) هٰذا اسم اشارہ موصوف الأمرُ مشار الیہ صفت، موصوف اپنی صفت سے مل کر مبتدا، اشدّ اسم تفضیل اس میں ھو کی ضمیر پوشیدہ فاعل علی زید جار مجرور ہو کر ظرف لغو، اسم تفضیل اپنے فاعل اور ظرف لغو سے مل کر شبہ جملہ اسمیہ ہو کر خبر، مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا — الإسلامُ أَيْسَرُ عَمَلًا مِنَ الدِّينِ الْآخَرِ (اسلام عمل کے اعتبار سے دوسرے دین سے زیادہ آسان ہے) الاسلام مبتدا ایسر اسم تفضیل فاعل عملًا تمیز نسبت من حرف جار الدین الآخر بترکیب توصیفی مجرور، جار اپنے مجرور سے مل کر ظرف لغو، اسم تفضیل اپنے فاعل، تمیز نسبت اور ظرف لغو سے مل کر شبہ جملہ اسمیہ ہو کر خبر، مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا — القرآنُ أفضلُ الكُتُبِ (قرآن تمام کتابوں سے افضل ہے) القرآن مبتدا، افضل اسم تفضیل مضاف، فاعل، الکتب مضاف الیہ، اسم تفضیل مضاف اپنے فاعل اور مضاف الیہ سے مل کر شبہ جملہ اسمیہ ہو کر خبر، مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا — الطُّورُ أعظَمُ الجبالِ كرامةً (طور تمام پہاڑوں سے بڑا ہے بزرگی کے اعتبار سے) الطور مبتدا، اعظم اسم تفضیل مضاف اس میں ھو کی ضمیر پوشیدہ فاعل الجبال مضاف الیہ کرامةً تمیز نسبت، اسم تفضیل مضاف اپنے فاعل، مضاف الیہ اور تمیز نسبت سے مل کر شبہ جملہ اسمیہ ہو کر خبر، مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا — هِمَالَيَةُ أَعْلَى مِنَ الْجِبَالِ الْأُخْرَى قِمَّةً (ہمالیہ دوسرے پہاڑوں سے چوٹی کے اعتبار سے لمبا ہے) ھمالیة مبتدا، اعلیٰ اسم تفضیل اس کا فاعل من حرف جار، الجبال موصوف الاخریٰ صفت، موصوف اپنی صفت سے مل کر مجرور، جار اپنے مجرور سے مل کر ظرف لغو، قمّةً تمیز نسبت، اسم تفضیل اپنے فاعل، ظرف لغو اور تمیز نسبت سے مل کر شبہ جملہ اسمیہ ہو کر خبر مبتدا

اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا ــــ بَکرٌ اَحَبُّ النَّاسِ اِلَیَّ (بکر مجھے تمام لوگوں سے زیادہ محبوب ہے) بکرٌ مبتدا، احبّ اسم تفضیل مضاف اسمیں ھو کی ضمیر پوشیدہ فاعل، النّاسِ مضاف الیہ، اِلَیَّ جار مجرور ہوکر ظرف لغو، اسم تفضیل مضاف اپنے فاعل، مضاف الیہ اور ظرف لغو سے مل کر شبہ جملہ اسمیہ ہوکر خبر، مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا ــــ اَلعِلمُ خَیرٌ مِنَ المَالِ (علم مال سے زیادہ بہتر ہے) اَلعِلمُ مبتدا، خَیرٌ اسم تفضیل با فاعل، مِنَ المَالِ جار مجرور ہوکر ظرف لغو، اسم تفضیل اپنے فاعل اور ظرف لغو سے مل کر شبہ جملہ اسمیہ ہوکر خبر، مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا ــــ اَلمَدِینَۃُ المُنَوَّرَۃُ خَیرُ المَدَائِنِ (مدینہ منورہ تمام شہروں سے زیادہ بہتر ہے) اَلمَدِینَۃُ المُنَوَّرَۃُ مرکب توصیفی مبتدا، خَیرُ اسم تفضیل مضاف با فاعل، المَدَائِن مضاف الیہ، اسم تفضیل مضاف اپنے فاعل اور مضاف الیہ سے مل کر شبہ جملہ اسمیہ ہوکر خبر، مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا ــــ ھُوَ اَحَدُّ مِنَ السَّیفِ (وہ تلوار سے زیادہ تیز ہے) ھو ضمیر واحد مذکر غائب کی مرفوع منفصل مبتدا، اَحَدُّ اسم تفضیل با فاعل، مِنَ السَّیفِ جار مجرور ہوکر ظرف لغو، اسم تفضیل اپنے فاعل اور ظرف لغو سے مل کر شبہ جملہ اسمیہ ہوکر خبر، مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا ــــ خَالِدٌ اَعلَمُ مِن بَکرٍ (خالد بکر سے زیادہ جاننے والا ہے) اس کی ترکیب ما قبل پر قیاس کرو ــــ مَحمُودٌ اَوفَرُ عِلمًا مِن بَکرٍ (محمود زید سے علم میں زیادہ ہے) محمود مبتدا، اوفر اسم تفضیل با فاعل، عِلمًا تمیز نسبت، مِن بَکرٍ جار مجرور ہوکر ظرف لغو، اسم تفضیل اپنے فاعل، تمیز نسبت اور ظرف لغو سے ملکر شبہ جملہ اسمیہ ہوکر خبر، مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا ــــ خَالِدٌ اَشَدُّ عِلمًا مِن بَکرٍ (خالد علم میں بکر سے زیادہ مستحکم ہے) قِس عَلٰی مَا قَبلُ ــــ خَالِدٌ اَکثَرُ عِلمًا مِن بَکرٍ (خالد علم میں بکر سے زیادہ ہے) فَخُذ تَرکِیبَہٗ ــــ عَمرٌو اَشَدُّ احتِیَاجًا مِنَّا (عمرو ہم سے زیادہ ضرورت مند ہے) اَلضَّیفُ اَشَدُّ جُوعًا مِن مَحمُودٍ (مہمان محمود سے زیادہ بھوکا ہے) اَلصَّلٰوۃُ خَیرٌ مِنَ النَّومِ (نماز نیند سے زیادہ بہتر ہے) ھٰذَا اَدَقُّ مِنَ الشَّعرِ (یہ بال سے زیادہ باریک ہے) اس قسم کی ترکیبیں گذر چکی ہیں ــــ جِسرُ الصِّرَاطِ اَشَدُّ ھَلَاکًا مِنَ الطَّرِیقِ الاُخرٰی (پل صراط دوسرے راستوں سے زیادہ مہلک ہے) جسر الصراط مرکب اضافی ہوکر مبتدا، اَشَدُّ اسم تفضیل با فاعل، ھَلَاکًا تمیز نسبت، مِن حرف جار، الطَّرِیق الاُخرٰی مرکب توصیفی ہوکر مجرور، جار اپنے مجرور سے مل کر ظرف لغو، اسم تفضیل اپنے

فاعل، تمیز نسبت اور ظرف لغو سے مل کر شبہ جملہ اسمیہ ہوکر خبر، مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا ــــ ھٰذَا البُرھَانُ اَشَدُّ مَتَانَۃً (یہ دلیل مضبوطی کے اعتبار سے زیادہ سخت ہے) اس قسم کی ترکیب گذر چکی ہے) اِنَّکَ اَکثَرُ مَالًا مِنَ الحَاجِّ خَالِدٍ (بے شک تو حاجی خالد سے زیادہ مالدار ہے) اِنَّ حرف مشبہ بفعل، کَ ضمیر اس کا اسم، اَکثَرُ اسم تفضیل با فاعل، مَالًا تمیز نسبت، مِن حرف جار، الحَاجّ مبدل منہ، خَالِدٍ بدل، مبدل منہ اپنے بدل سے مل کر مجرور، جار اپنے مجرور سے مل کر ظرف لغو، اسم تفضیل اپنے فاعل، تمیز نسبت اور ظرف لغو سے ملکر شبہ جملہ اسمیہ ہوکر خبر، حرف مشبہ بفعل اپنے اسم و خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا ــــ ھٰذَا البِئرُ اَعمَقُ مِن تِلکَ البِئرِ (یہ کنواں اس کنواں سے زیادہ گہرا ہے) ھٰذَا موصوف، البِئرُ صفت، موصوف اپنی صفت سے مل کر مبتدا، اَعمَقُ اسم تفضیل با فاعل، مِن حرف جار، تِلکَ البِئرِ مرکب توصیفی ہوکر مجرور، جار اپنے مجرور سے مل کر ظرف لغو، اسم تفضیل اپنے فاعل اور ظرف لغو سے مل کر شبہ جملہ اسمیہ ہوکر خبر، مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا ــــ اَفضَلُ الصَّحَابَۃِ کُلِّھِمُ الصِّدِّیقُ الاَکبَرُ ثُمَّ الفَارُوقُ الاَعظَمُ ثُمَّ عُثمَانُ الغَنِیُّ ثُمَّ عَلِیُّ المُرتَضٰی (رضی اللہ تعالیٰ عنہم اجمعین) (تمام صحابہ میں سب سے افضل صدیق اکبر ہیں پھر فاروق اعظم پھر عثمان غنی پھر علی مرتضیٰ) اَفضَلُ اسم تفضیل مضاف با فاعل، الصَّحَابَۃ مؤکد، کُلِّھِم ترکیب اضافی ہوکر تاکید، مؤکد اپنی تاکید سے مل کر مضاف الیہ، اسم تفضیل مضاف اپنے فاعل اور مضاف الیہ سے مل کر شبہ جملہ اسمیہ ہوکر مبتدا، الصِّدِّیقُ الاَکبَرُ مرکب توصیفی ہوکر معطوف علیہ، ثُمَّ حرف عطف، الفَارُوقُ الاَعظَمُ مرکب توصیفی ہوکر معطوف، ثُمَّ حرف عطف، عُثمَانُ الغَنِیُّ مرکب توصیفی ہوکر معطوف، ثُمَّ حرف عطف، عَلِیُّ المُرتَضٰی مرکب توصیفی ہوکر معطوف، معطوف علیہ اپنے تمام معطوفات سے مل کر خبر، مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا ــــ رَضِیَ فعل ماضی معروف واحد مذکر غائب ضمیر سے خالی، کلمۂ جلالت ذوالحال، تَعَالٰی فعل ماضی معروف واحد مذکر غائب اسمیں ھو کی ضمیر پوشیدہ فاعل، فعل اپنے فاعل سے مل جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر حال، ذوالحال اپنے حال سے ملکر فاعل، عَن حرف جار، ھُم ضمیر مؤکد، اَجمَعِینَ تاکید، مؤکد اپنی تاکید سے مل کر مجرور، جار اپنے مجرور سے ملکر ظرف لغو، فعل اپنے فاعل اور ظرف لغو سے مل کر جملہ فعلیہ انشائیہ معترضہ ہوا ــــ قَالَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰہُ

تعالیٰ علیہ وسلم فقیہٌ واحدٌ اشدُّ علی الشیطان من الف عابد (نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ایک عالم شیطان پر ایک ہزار عابد سے زیادہ قوی ہے) قالَ فعل ماضی معروف واحد مذکر غائب النبی فاعل، فعل اپنے فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا — صلّٰی فعل ماضی معروف واحد مذکر غائب کلمۂ جلالت ذوالحال تعالیٰ فعل ماضی با فاعل فعل اپنے فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر حال ذوالحال اپنے حال سے مل کر فاعل علیہ جار مجرور ہو کر ظرف لغو فعل اپنے فاعل اور ظرف لغو سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر معطوف علیہ واؤ حرف عطف سلّم فعل ماضی با فاعل، فعل اپنے فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر معطوف، معطوف علیہ اپنے معطوف سے مل کر جملہ فعلیہ معطوفہ معترضہ ہوا — فقیہٌ واحدٌ بترکیب توصیفی ہو کر مبتدا، اشدُّ اسم تفضیل با فاعل علی الشیطان جار مجرور ہو کر ظرف لغو اول من حرف جار الف عابد بترکیب اضافی مجرور، جار اپنے مجرور سے مل کر ظرف لغو ثانی، اسم تفضیل اپنے فاعل اور دونوں ظرف لغو سے مل کر شبہ جملہ اسمیہ ہو کر خبر، مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا — انّ افضلَ الاعمالِ الی اللہ تعالیٰ الحبُّ فی اللہ والبغضُ فی اللہ (بلاشبہ اللہ تعالیٰ کے نزدیک تمام اعمال سے افضل اللہ ہی کے لئے دوستی کرنا اور اللہ ہی کے لئے دشمنی کرنا ہے) انّ حرف مشبہ بفعل افضلَ اسم تفضیل مضاف اس میں ھو کی ضمیر پوشیدہ فاعل الاعمال مضاف الیہ الیٰ حرف جار کلمۂ جلالت ذوالحال تعالیٰ فعل ماضی معروف با فاعل فعل اپنے فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر حال، ذوالحال اپنے حال سے مل کر مجرور، جار اپنے مجرور سے مل کر ظرف لغو، اسم تفضیل مضاف اپنے فاعل، مضاف الیہ اور ظرف لغو سے مل کر اسم ہوا انّ کا الحبُّ مصدر فی اللہ جار مجرور ہو کر ظرف لغو ہوا مصدر کا، مصدر اپنے ظرف لغو سے مل کر معطوف علیہ واؤ حرف عطف البغضُ مصدر فی اللہ جار مجرور ہو کر ظرف لغو ہوا مصدر کا مصدر اپنے ظرف لغو سے مل کر معطوف، معطوف علیہ اپنے معطوف سے مل کر خبر ہوئی انّ کی، انّ حرف مشبہ بفعل اپنے اسم و خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا —

اُردو کی عربی :— جسرُ الصراط ادقُّ من الشعر واحدُّ من السیف — ھذا الرجل اشدُّ جوعاً منی — سکینُ زیدٍ احدُّ — انت اوفر علماً منی — زیدٌ اکتب من بکرٍ — بمبئی اعظم من کلکتہ — انا اکبر سناً منک — ھذا الکلام اھمُّ

عملاً منہ — خالدٌ احبُّ الولدان الیَّ — عمّی عمرُ اتمُّ صلاحاً —

(ترجمۃ الجمل القرآنیۃ بالاردویۃ)

اللیلُ (رات) جمع لیالی — الحمیرُ (گدھے) واحد حمار — الاسکن [illegible] اسم تفضیل باب سمع — الاوھن (زیادہ کمزور) اسم تفضیل [illegible] — العنکبوت (مکڑی) جمع عناکب عنکبوتات — اکرمُ (زیادہ عزت والا) اسم تفضیل باب کرم — اتقیٰ [illegible] اسم تفضیل باب ضرب — الاعراب [illegible] واحد اعرابی — اتقیٰ [illegible] اسم تفضیل باب سمع — [illegible] اسم تفضیل باب [illegible] — الحمقی [illegible] باب نصر — [illegible] اسم تفضیل [illegible] نصر وسمع —

ولعبدٌ مومنٌ خیرٌ من مشرکٍ (اور البتہ مومن غلام مشرک سے بہتر ہے) لام مفتوح برائے تاکید عبدٌ مومنٌ بترکیب توصیفی مبتدا، خیرٌ اسم تفضیل با فاعل من مشرک جار مجرور ہو کر ظرف لغو اسم تفضیل اپنے فاعل اور ظرف لغو سے مل کر شبہ جملہ ہو کر خبر مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا — لیلۃ القدر خیرٌ من الف شہر (شب قدر ہزار مہینوں سے بہتر ہے) لیلۃ القدر مرکب اضافی ہو کر مبتدا خیرٌ اسم تفضیل با فاعل من حرف جار الف شہر ترکیب اضافی ہو کر مجرور جار اپنے مجرور سے مل کر ظرف لغو، اسم تفضیل اپنے فاعل اور ظرف لغو سے مل کر شبہ جملہ ہو کر خبر، مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا — انّ اوھن البیوت لبیت العنکبوت (بے شک سب سے زیادہ کمزور گھر مکڑی کا گھر ہے) انّ حرف مشبہ بفعل اوھن اسم تفضیل مضاف اس میں ھو کی ضمیر پوشیدہ فاعل البیوت مضاف الیہ، اسم تفضیل مضاف اپنے فاعل اور مضاف الیہ سے مل کر شبہ جملہ ہو کر اسم ہوا انّ کا، لام مفتوح برائے تاکید بیت العنکبوت مرکب اضافی ہو کر خبر، حرف مشبہ بفعل اپنے اسم و خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا — انّ انکر الاصوات لصوت الحمیر (بے شک سب سے بری آواز گدھے کی آواز ہے) قیس علی ما قبل — انّ اکرمکم عند اللہ اتقٰکم (بے شک تم میں سب سے زیادہ بزرگ اللہ تعالیٰ کے نزدیک وہ ہے جو تم میں زیادہ پرہیزگار ہے) انّ حرف مشبہ بفعل اکرمَ اسم تفضیل مضاف اس میں ھو کی ضمیر پوشیدہ فاعل کم ضمیر مضاف الیہ عند اللہ بترکیب اضافی مفعول فیہ، اسم تفضیل مضاف اپنے فاعل، مضاف الیہ، مفعول فیہ سے مل کر شبہ جملہ ہو کر اسم ہوا انّ کا، اتقیٰ

اسم تفضیل مضاف، اس میں ھو ضمیر پوشیدہ فاعل کہ ضمیر مضاف الیہ، اسم تفضیل مضاف اپنے فاعل اور مضاف الیہ سے مل کر شبہ جملہ اسمیہ ہو کر خبر، حرف مشبہ بفعل اپنے اسم و خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا ـــ الاعراب اشد کفرا ونفاقا (گنوار کفر و نفاق میں زیادہ سخت ہیں) الاعراب مبتدا، اشد اسم تفضیل، فاعل، کفرا معطوف علیہ، واؤ حرف عطف نفاقا معطوف، معطوف علیہ اپنے معطوف سے مل کر تمیز نسبت، اسم تفضیل اپنے فاعل اور تمیز نسبت سے مل کر شبہ جملہ اسمیہ ہو کر خبر، مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا ـــ ولعذاب الاخرۃ اشد و ابقی (اور بے شک آخرت کا عذاب زیادہ سخت اور دیر پا ہے) واؤ عاطفہ لام مفتوح برائے تاکید عذاب الاخرۃ بترکیب اضافی مبتدا، اشد اسم تفضیل، فاعل، اسم تفضیل اپنے فاعل سے مل کر شبہ جملہ اسمیہ ہو کر معطوف علیہ، واؤ حرف عطف ابقی اسم تفضیل، فاعل، اسم تفضیل اپنے فاعل سے مل کر شبہ جملہ اسمیہ ہو کر معطوف، معطوف علیہ اپنے معطوف سے مل کر خبر، مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا ـــ یا اھل الکتاب لم تکفرون بایۃ اللہ وانتم تشھدون (اے اہل کتاب تم کیوں انکار کرتے ہو اللہ تعالیٰ کی آیتوں کا اور حال یہ ہے کہ تم لوگ گواہی دیتے ہو) اس جملہ کی ترکیب یا اھل الکتب لم تلبسون الحق، الی آخرہ پر قیاس کرو ـــ لخلق السموت والارض اکبر من خلق الناس ولکن اکثر الناس لا یعلمون (بے شک آسمانوں اور زمین کی پیدائش لوگوں کی پیدائش سے بڑی ہے اور لیکن اکثر لوگ نہیں جانتے) لام مفتوح برائے تاکید خلق السموات والارض بترکیب اضافی مبتدا، اکبر اسم تفضیل، فاعل، من حرف جار، خلق الناس بترکیب اضافی مجرور، جار اپنے مجرور سے مل کر ظرف لغو ہوا، اسم تفضیل اپنے فاعل اور ظرف لغو سے مل کر شبہ جملہ اسمیہ ہو کر خبر، مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہو کر معطوف علیہ، واؤ حرف عطف لکن حرف مشبہ بفعل اکثر اسم تفضیل مضاف، اس میں ھو کی ضمیر پوشیدہ فاعل الناس مضاف الیہ، اسم تفضیل مضاف اپنے فاعل اور مضاف الیہ سے مل کر شبہ جملہ اسمیہ ہو کر اسم، لا یعلمون فعل مضارع منفی، فاعل، فعل اپنے فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر خبر، حرف مشبہ بفعل اپنے اسم و خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہو کر معطوف، معطوف علیہ اپنے معطوف سے مل کر جملہ خبریہ معطوفہ ہوا ـــ والساعۃ ادھٰی وامر (اور قیامت بہت کڑوی اور سخت کڑوی ہے) واؤ عاطفہ الساعۃ مبتدا، ادھٰی اسم تفضیل، فاعل، اسم تفضیل اپنے فاعل سے مل کر شبہ جملہ اسمیہ ہو کر معطوف علیہ، واؤ حرف عطف امر اسم تفضیل، فاعل، اسم تفضیل اپنے فاعل سے مل کر شبہ جملہ اسمیہ ہو کر معطوف، معطوف علیہ اپنے معطوف سے مل کر خبر، مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ

سبق نمبر ۱۲ ـــ

(استعمال الافعال بالاسماء المناسبۃ)

الجلوس (آدمی کا بیٹھنا) مصدر باب ضرب ـــ البروک (اونٹ کا بیٹھنا) مصدر باب نصر ـــ الشموس ([illegible]) مصدر باب نصر ـــ النزاع ([illegible]) مصدر باب سمع ـــ الشاۃ (بکری، بکرا، [illegible] جمع شیاہ، [illegible]) ـــ البعیر ([illegible] اونٹ یا اونٹنی) جمع الابعرۃ ـــ الرغاء ([illegible]) مصدر باب ضرب ـــ [illegible] ([illegible]) مصدر باب سمع ـــ الجرع (یکبارگی پینا) مصدر باب فتح ـــ [illegible] ([illegible]) مصدر باب سمع ـــ الاطفاء (بجھانا) مصدر باب افعال ـــ الاخماد (آگ کی لپٹ کو بجھانا) مصدر باب افعال ـــ الشدخ (چہرہ کا [illegible]) مصدر باب فتح ـــ الوضع (عورت کا جننا) مصدر باب فتح ـــ النتاج (اونٹنی کا [illegible]) مصدر باب ضرب ـــ الافاقۃ (اچھا ہونا، ہوش میں آنا) مصدر باب افعال ـــ الاستھلال (رونا) مصدر باب استفعال ـــ الرجم (پتھر سے مارنا) مصدر باب نصر ـــ الاشارۃ (ہاتھ سے اشارہ کرنا) مصدر باب افعال ـــ الایماء (سر سے اشارہ کرنا) مصدر باب افعال ـــ الغمز (ابرو سے اشارہ کرنا) مصدر باب ضرب ـــ

جلس الانسان (انسان بیٹھا) جلس فعل ماضی معروف واحد مذکر غائب صیغہ ہے، الانسان فاعل، فعل اپنے فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا ـــ ثغت الشاۃ (بکری ممیائی) برک البعیر (اونٹ بیٹھا) رضع الحمل (بکری کے بچے نے دودھ پیا) شرب الرجل (مرد نے پیا) نبح الکلب (کتا بھونکا) ان جملوں کی ترکیب جلس الانسان کی طرح ہے ـــ زید لعق العسل (زید نے شہد چاٹا) زید مبتدا، لعق فعل ماضی معروف واحد مذکر غائب، اس میں ھو کی ضمیر پوشیدہ فاعل العسل مفعول بہ، فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر خبر، مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا ـــ اطفؤا السراج (چراغ بجھاؤ) اطفؤا فعل امر حاضر معروف جمع مذکر، فاعل، السراج مفعول بہ، فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ انشائیہ ہوا ـــ اخمد احمد النار (احمد نے آگ کی لپٹ کو بجھایا) اس کی ترکیب زید لعق العسل کی طرح ہے) لسعت الحیۃ (سانپ نے ڈسا) اس قسم کی ترکیب گذر چکی ہے ـــ لدغت العقرب (بچھو نے ڈنک مارا) وضعت المرأۃ (عورت نے جنا) نتجت الناقۃ (اونٹنی نے جنا) ان سب کی

ترکیب گذر چکی ہے) خالدٌ اَفاق من الغشی (خالد بے ہوشی سے ہوش میں آیا) خالدٌ مبتدا اَفاق فعل ماضی معروف واحد مذکر غائب فاعل من الغشی جار مجرور ہوکر ظرف لغو فعل اپنے فاعل اور ظرف لغو سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر خبر، مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا ـــ اِنْدَمَلَ جُرْحُ زیدٍ (زید کا زخم بھر گیا) اِنْدَمَلَ فعل ماضی معروف واحد مذکر غائب صیغہ حال جُرْحُ زیدٍ مرکب اضافی فاعل، فعل اپنے فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا ـــ صَحَّ مِنَ الْعِلَّۃِ (وہ بیماری سے صحت پایا) صَحَّ فعل ماضی معروف واحد مذکر غائب جس میں ھو کی ضمیر پوشیدہ فاعل من العلۃ جار مجرور ہوکر ظرف لغو اپنے فاعل اور ظرف لغو سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا ـــ ضَرَبْتُ بِالسَّیْفِ (میں نے مارا تلوار سے) ضربتُ فعل ماضی معروف، تُ فاعل بالسیف جار مجرور ہوکر ظرف لغو فعل اپنے فاعل و ظرف لغو سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا ـــ زیدٌ طَعَنَ بِالرُّمْحِ (زید نے بھالے سے مارا) زیدٌ مبتدا، طَعَنَ فعل ماضی، ھو فاعل بالرمح جار مجرور ہوکر ظرف لغو فعل اپنے فاعل اور ظرف لغو سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر خبر، مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا ـــ وَجَأَ بِالسِّکِّیْنِ (اس نے چھری سے مارا) غَمَزَتْ بِالْحَاجِبِ (اس نے ابرو سے اشارہ کیا) اَشَارُوْا بِالْیَدِ (ان لوگوں نے ہاتھ سے اشارہ کیا) ان سب کی ترکیب گذر چکی ہے ـــ اِنِّیْ اَوْمَاْتُ بِالرَّاْسِ (بے شک میں نے سر سے اشارہ کیا) اِنَّ حرف مشبہ بالفعل یِ ضمیر اس کا اسم اَوْمَاْتُ فعل ماضی تُ فاعل بالراس جار مجرور ہوکر ظرف لغو فعل اپنے فاعل اور ظرف لغو سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر خبر، حرف مشبہ بالفعل اپنے اسم و خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا ـــ اِنَّکَ تُجْرِعُ الْمَاءَ (بے شک تو [illegible] ہے) باقی پر قیاس کرو۔

(اردو کی عربی) (ترجمۃ الاردویۃ بالعربیۃ)

یا ایھا المولوی اجلس ھھنا ـ موضع [illegible] ـ الْعَقِ العسل ـ الشاۃ ربضت فی بیتٍ ـ لا تترک البعیر ھھنا ـ من اطفأ السراج ـ تلسع الحیۃ ـ العقرب تلدغ زیدا ـ [illegible] السامع ـ الجرح یندمل ـ انت تصح من العلۃ ـ اَفاق الناس من الغشی ـ زید ضرب بالسیف ـ خالد یغمز بالحاجب ـ الناقۃ تبرک ـ انک یومئ بالراس ـ قد ربضت الشاۃ عبدالرحیم اِسق [illegible] ـ یقیٔ ولدان زید کلھم ـــ

(قرآنی جملوں کا اردو میں ترجمہ)

الْحَثَّۃُ (ذرہ ذرہ) الْاِمْلاقُ (مفلس ہونا، محتاج ہونا) مصدر باب افعال ـ الْعِقَابُ (عذاب) مصدر باب مفاعلت التحریض (آمادہ کرنا) مصدر باب تفعیل ـ القتال (جہاد کرنا، لڑنا) مصدر باب مفاعلت ـ المغفرۃ (بخشش) [illegible] مصدر ضرب ـ الکریم (عزت والا) صفت بروزن فعیل ـ الجنی [illegible] جمع اجنۃ ـ الْمَیِّتُ (مردہ) جمع میتون کذالک (روکنا) الاخراج (نکال) مصدر باب افعال ـ ولا تقتلوا اولادکم خشیۃ املاق (اور مت قتل کرو اپنی اولاد کو مفلسی کے خوف سے) واؤ عاطفہ ـ لا تقتلوا فعل نہی معروف جمع مذکر حاضر واؤ ضمیر متصل [illegible] فاعل اولادکم [illegible] ثانی ہوا مفعول بہ خشیۃ املاق مرکب اضافی ہوکر مفعول لہ فعل اپنے فاعل مفعول بہ اور مفعول لہ سے مل کر جملہ فعلیہ انشائیہ ہوا ـــ نحن نرزقہم و ایاکم (ہم روزی دیتے ہیں ان کو اور تم کو بھی) نحن ضمیر جمع متکلم کی [illegible] مبتدا نرزق فعل مضارع [illegible] فاعل ھم ضمیر معطوف علیہ واؤ حرف عطف ایاکم معطوف، معطوف علیہ اپنے معطوف سے مل کر مفعول بہ فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ [illegible] ہوکر خبر [illegible] ـــ واعلموا ان اللہ شدید العقاب (اور تم جان لو کہ بے شک اللہ سخت عذاب والا ہے) [illegible] اعلموا فعل امر حاضر [illegible] اَنَّ حرف مشبہ بالفعل [illegible] شدید العقاب [illegible] صفاتی ہوکر خبر حرف مشبہ بالفعل اپنے اسم [illegible] سے مل کر [illegible] موصول حرفی اپنے صلہ سے مل کر تاویل مصدر ہوکر مفعول بہ، فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ انشائیہ ہوا ـــ یا ایھا النبی حرض المؤمنین علی القتال (اے نبی مومنوں کو جنگ کیلئے آمادہ کیجئے) یا حرف ندا قائم مقام ادعو فعل مضارع [illegible] فاعل ای موصوف ھا برائے تنبیہ النبی صفت، موصوف اپنی صفت سے مل کر مفعول بہ منادیٰ، فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ [illegible] سے مل کر جملہ فعلیہ انشائیہ ہوا ـــ حرض فعل امر حاضر فاعل المؤمنین مفعول بہ علی القتال جار مجرور ہوکر ظرف لغو فعل اپنے فاعل مفعول بہ اور ظرف لغو سے مل کر جملہ فعلیہ انشائیہ ہوا ـــ اِنَّ اللّٰہَ بِکُلِّ شَیْءٍ عَلِیْمٌ ـــ (بیشک اللہ تعالیٰ ہر چیز کا جاننے والا ہے) اِنَّ حرف مشبہ بالفعل لفظ جلالت اس کا اسم بِ حرف جار کل شیءٍ مرکب اضافی ہوکر مجرور، جار اپنے مجرور سے مل کر ظرف لغو مقدم ہوا، علیمٌ [illegible] علیم صفت مشبہ [illegible] فاعل اور ظرف لغو مقدم سے مل کر شبہ جملہ ہوکر خبر، حرف مشبہ بالفعل اپنے اسم و خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا لھم مغفرۃ ورزق کریم ـ (ان کیلئے بخشش اور اچھا رزق ہے)

[illegible]

لہم جار مجرور ہو کر ظرف مستقر ہوا ثابتۃ سے ثابتۃ اسم فاعل اسمیں ھی کی ضمیر پوشیدہ فاعل۔ اسم فاعل اپنے فاعل اور ظرف مستقر سے مل کر شبہ جملہ اسمیہ ہو کر خبر مقدم مغفرۃ معطوف علیہ واو حرف عطف ورزق معطوف کریم صفت مشتق اسمیں ھو کی ضمیر پوشیدہ فاعل صفت مشبہ اپنے فاعل سے مل کر شبہ جملہ اسمیہ ہو کر صفت، موصوف اپنی صفت سے مل کر معطوف، معطوف علیہ اپنے معطوف سے مل کر مبتدا مؤخر۔ مبتدائے مؤخر اپنی خبر مقدم سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا ۔۔ ان اللہ لا یظلم الناس شیئاً (بے شک اللہ تعالیٰ لوگوں پر ظلم نہیں کرتا) ان حرف مشبہ بفعل لفظ جلالت اس کا اسم لا یظلم فعل مضارع منفی با فاعل الناس مفعول بہ اول شیئاً مفعول بہ ثانی فعل اپنے فاعل اور دونوں مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر خبر، حرف مشبہ بفعل اپنے اسم و خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا ۔۔ ولکن الناس انفسھم یظلمون (اور لیکن خود ہی لوگ ظلم کرتے ہیں) واؤ عاطفہ لکن حرف مشبہ بفعل الناس مؤکد انفسھم تاکید، مؤکد اپنی تاکید سے مل کر اسم یظلمون فعل مضارع با فاعل، فعل اپنے فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر خبر، حرف مشبہ بفعل اپنے اسم و خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا ۔۔ یُخرِجُ الحیَّ مِنَ المیّتِ و یُخرِجُ المیّتَ مِنَ الحیّ و یحی الارض بعد موتھا (وہ نکالتا ہے زندہ کو مردہ سے اور نکالتا ہے مردہ کو زندہ سے اور زمین کو زندہ کرتا ہے اس کے مرنے کے بعد) یخرج فعل مضارع معروف واحد مذکر غائب اسمیں ھو کی ضمیر پوشیدہ اس کا فاعل الحی مفعول بہ من المیت جار مجرور ہو کر ظرف لغو، فعل اپنے فاعل مفعول بہ اور ظرف لغو سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر معطوف علیہ واؤ حرف عطف یخرج فعل مضارع با فاعل المیت مفعول بہ من الحی جار مجرور ہو کر ظرف لغو فعل اپنے فاعل، مفعول بہ اور ظرف لغو سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر معطوف واؤ حرف عطف یحی فعل مضارع با فاعل الارض مفعول بہ بعد مضاف موت مضاف الیہ مضاف ھا ضمیر مضاف الیہ، مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر پھر مضاف الیہ ہوا بعد مضاف کا، مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر مفعول فیہ، فعل اپنے فاعل، مفعول بہ اور مفعول فیہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر معطوف، معطوف علیہ اپنے دونوں معطوف سے مل کر جملہ فعلیہ معطوف ہوا ۔۔ وکذلک تخرجون (اور ایسے ہی تم نکالے جاؤگے) واؤ عاطفہ ک حرف جار برائے تشبیہ ذالک اسم اشارہ مجرور، جار اپنے مجرور سے مل کر ظرف لغو مقدم تخرجون فعل مضارع مجہول جمع مذکر حاضر واؤ ضمیر متصل بارز نائب فاعل، فعل مجہول اپنے نائب فاعل اور ظرف لغو مقدم سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا ۔۔

(اضافت منیہ لامیہ اور ظرفیہ کا استعمال)

الحانۃ (دکان) جمع حوانیت ۔۔ الذھب (سونا) جمع ذھوب، اذھاب ۔ الفضۃ (چاندی) الحدید (لوہا) جمع احداء، حدائد ۔۔ البلدۃ (شہر) جمع بلاد، بلدان ۔۔ الصین (چین) القرط (کان کی بالی) جمع اقراط، قراط، قرطۃ ۔۔ السوار (کنگن) جمع اسورۃ، اساورۃ، سور ۔۔ سوور ۔۔ الخلخال (پازیب) جمع خلاخل الشعبۃ (شاخ، حصہ) جمع شعب ۔۔ السید (سردار) جمع سیائد، اسیاد، سادۃ (السید عند المسلمین فاطمہ زہرا رضی اللہ تعالیٰ عنہا کی اولاد اور ان کی نسل سے جو لوگ ہوں) قدمت فی الثالث من شوال (میں تیسری شوال کو آیا) قدمت فعل ماضی معروف با فاعل فی حرف جار الثالث صفت التاریخ یا الیوم محذوف لتاریخ یا الیوم موصوف، موصوف اپنی صفت سے مل کر مجرور، من شوال جار مجرور ہو کر ظرف مستقر ہوا ثابتا سے ثابتا اسم فاعل اسمیں ھو کی ضمیر پوشیدہ فاعل اسم فاعل اپنے فاعل اور ظرف مستقر سے مل کر شبہ جملہ ہو کر حال، ذوالحال اپنے حال سے مل کر مجرور، جار اپنے مجرور سے مل کر ظرف لغو، فعل اپنے فاعل اور ظرف لغو سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا ۔۔ الحیاء شعبۃ من الایمان (حیا ایمان کا ایک حصہ ہے) الحیاء مبتدا، شعبۃ موصوف من الایمان جار مجرور ہو کر ظرف مستقر ہوا کائنۃ سے کائنۃ اسم فاعل اسمیں ھی کی ضمیر پوشیدہ فاعل اسم فاعل اپنے فاعل اور ظرف مستقر سے مل کر شبہ جملہ اسمیہ ہو کر صفت، موصوف اپنی صفت سے مل کر خبر، مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا ۔۔ اخ لزید غنی (زید کا بھائی مالدار ہے) اخ موصوف لزید جار مجرور ہو کر ظرف مستقر ہوا ثابت سے ثابت بترکیب سابق صفت، موصوف اپنی صفت سے مل کر مبتدا، غنی خبر، مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا ۔۔ تلوت جزءً من القرآن (میں نے قرآن کا ایک پارہ تلاوت کیا) تلوت فعل ماضی با فاعل جزءً موصوف من القرآن جار مجرور ہو کر ظرف مستقر ہوا ثابتا سے ثابتا بترکیب سابق صفت، موصوف اپنی صفت سے مل کر مفعول بہ، فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا ۔۔ زید درس البابین من گلستان (زید نے گلستان کا دو باب پڑھا) زید مبتدا، درس فعل ماضی با فاعل البابین ذوالحال من گلستان جار مجرور ہو کر ظرف مستقر ہوا کائنین سے کائنین اسم فاعل تثنیہ اسمیں ھما کی ضمیر فاعل، اسم فاعل اپنے فاعل اور ظرف مستقر سے مل کر شبہ جملہ اسمیہ

ہو کر حال ذوالحال اپنے حال سے مل کر مفعول بہ فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر خبر، مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا — اشتاق [illegible] خاتمًا من الذهب (میں سونے کی ایک انگوٹھی چاہتا ہوں) اشتاق فعل مضارع معروف انا فاعل خاتمًا موصوف من الذهب جار مجرور ہو کر ظرف مستقر ہوا ثابتًا کا ثابتًا اسم فاعل، فاعل اسم فاعل اپنے فاعل اور ظرف مستقر سے مل کر شبہ جملہ ہو کر صفت، موصوف اپنی صفت سے مل کر مفعول بہ فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا — هل عندك سيف من الحديد (کیا تیرے پاس لوہے کی کوئی تلوار ہے) هل حرف استفهام، عندك مرکب اضافی مفعول فیہ ہوا موجود کا، موجودٌ اسم مفعول اسمیں هو کی ضمیر پوشیدہ نائب فاعل، اسم مفعول اپنے نائب فاعل اور مفعول فیہ سے مل کر شبہ جملہ ہو کر خبر مقدم، سيف موصوف، من الحديد جار مجرور ہو کر بترکیب سابق صفت، موصوف اپنی صفت سے مل کر مبتدا مؤخر، مبتدا مؤخر اپنی خبر مقدم سے مل کر جملہ اسمیہ انشائیہ ہوا — عند هند اسوارة من الذهب (ہندہ کے پاس سونے کا ایک کنگن ہے) عند هند مرکب اضافی مفعول فیہ موجودة [illegible] خبر مقدم، اسوارة موصوف من الذهب جار مجرور ہو کر بترکیب سابق صفت، موصوف اپنی صفت سے مل کر مبتدا مؤخر، مبتدا مؤخر اپنی خبر مقدم سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا — يبلغ الولدان بذى العلوم (دونوں لڑکے علوم لے کر تبلیغ کرتے ہیں) يبلغ فعل مضارع معروف تثنیہ مذکر غائب [illegible] حال الولدان ذوالحال [illegible] العلوم جار مجرور ہو کر ظرف مستقر ہوا ثابتين کا ثابتين اسم فاعل اسمیں هما کی ضمیر پوشیدہ فاعل، اسم فاعل اپنے فاعل اور ظرف مستقر سے مل کر شبہ جملہ ہو کر حال ذوالحال اپنے حال سے مل کر فاعل، فعل اپنے فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا — ذهب العلماء عوضا في الهند الى الصين [illegible] کے [illegible] میں گئے) ذهب فعل ماضی معروف واحد مذکر غائب [illegible] العلماء عوضًا ذوالحال في الهند جار مجرور ہو کر ظرف مستقر متعلق کا ثابتين بترکیب سابق حال ذوالحال اپنے حال سے مل کر فاعل الى الصين جار مجرور ہو کر ظرف لغو، فعل اپنے فاعل اور ظرف لغو سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا — الرجلان في البلد اكلا (شہر کے دونوں مردوں نے کھایا) الرجلان ذوالحال في البلد جار مجرور ہو کر ظرف مستقر ہوا ثابتين کا ثابتين اسم فاعل اسمیں هما کی ضمیر پوشیدہ فاعل اسم فاعل اپنے فاعل اور ظرف مستقر سے مل کر شبہ جملہ ہو کر حال، ذوالحال اپنے حال سے مل کر مبتدا، اكلا فعل ماضی معروف تثنیہ مذکر غائب الف ضمیر متصل

مرفوع بارز فاعل فعل اپنے فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر خبر، مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا — سرق احد قرطا من الفضة (کسی نے چاندی کا آویزہ چرا لیا) سرق فعل ماضی معروف واحد مذکر غائب صیغہ، احد فاعل، قرطًا موصوف من الفضة جار مجرور ہو کر بترکیب سابق صفت موصوف اپنی صفت سے مل کر مفعول بہ فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا — ما ذهب كثير من الطلبة (اکثر طلبہ نہیں گئے) ما ذهب فعل ماضی منفی معروف واحد مذکر غائب صیغہ، كثير موصوف من الطلبة جار مجرور ہو کر بترکیب سابق صفت، موصوف اپنی صفت سے مل کر فاعل فعل اپنے فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا — لما دخلت المدرسة لاهل السنة رأيت الطلبة وهم قارئون (جب میں اہلسنت کے مدرسہ میں داخل ہوا تو میں نے طلبہ کو پڑھتے ہوئے دیکھا) لما حرف شرط دخلت فعل ماضی معروف، فاعل المدرسة ذوالحال لاهل السنة جار مجرور سے مل کر بترکیب سابق حال ذوالحال اپنے حال سے مل کر مفعول بہ فعل اپنے فاعل اور مفعول فیہ سے مل کر شرط [illegible] رأيت فعل ماضی معروف، فاعل الطلبة ذوالحال و حالیہ هم ضمیر مبتدا، قارئون اسم فاعل، فاعل اسم فاعل اپنے فاعل سے مل کر شبہ جملہ ہو کر خبر، مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہو کر حال ذوالحال اپنے حال سے مل کر مفعول بہ فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے مل کر جزا شرط اپنی جزا سے مل کر جملہ فعلیہ شرطیہ ہوا — زيد باع خلخالا من الفضة (زید نے چاندی کا ایک پازیب بیچا) زيد مبتدا، باع فعل ماضی معروف واحد مذکر غائب اسمیں هو کی ضمیر پوشیدہ فاعل خلخالا موصوف من الفضة جار مجرور ہو کر بترکیب سابق صفت موصوف اپنی صفت سے مل کر مفعول بہ فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر خبر، مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا — العلماء يطالعون الدولة المكية للامام احمد رضا (علماء امام احمد رضا کی دولت مکیہ کا مطالعہ کرتے ہیں) العلماء مبتدا، يطالعون فعل مضارع معروف فاعل الدولة المكية ذوالحال للامام احمد رضا جار مجرور ہو کر بترکیب سابق حال ذوالحال اپنے حال سے مل کر مفعول بہ فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر خبر، مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا — سيدنا عبد القادر الجيلاني شيخ للمشائخ (سیدنا عبد القادر جیلانی بزرگوں کے بزرگ ہیں) سيدنا مرکب اضافی ہو کر مبدل منہ عبد القادر موصوف الجيلاني اسم منسوب بترکیب سابق صفت، موصوف اپنی صفت سے مل کر بدل، مبدل منہ اپنے بدل سے

مل کر شبہ۔ شیخ موصوف للت جار مجرور ہو کر قائم مقام صفت، موصوف اپنی صفت سے مل کر خبر، مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا ——— جاء اب لنا سبہ ھمفنا (ہمارا کا باپ بیان آیا) جاء فعل ماضی معروف واحد مذکر غائب صیغہ ہے، اب موصوف لنا جار مجرور سے مل کر قائم مقام صفت، موصوف اپنی صفت سے مل کر فاعل ھمفنا جمع ھا تنبیہ ھمفنا مفعول فیہ، فعل اپنے فاعل اور مفعول فیہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا ——— بہار شریعت لصدر الشریعۃ امجد علی فی المسائل الدینیۃ (صدر الشریعہ دینی مسائل کے بیان میں ہے) بہار شریعت موصوف لام حرف جار صدر الشریعۃ مبدل منہ امجد علی بدل، مبدل منہ اپنے بدل سے مل کر مجرور، جار اپنے مجرور سے مل کر قائم مقام صفت، موصوف اپنی صفت سے مل کر مبتدا، فی حرف جار المسائل الدینیۃ مرکب توصیفی مجرور، جار اپنے مجرور سے مل کر قائم مقام خبر، مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا ——— انّی اقرأ الکافیۃ للعلامۃ ابن الحاجب (بے شک میں علامہ ابن حاجب کی کافیہ پڑھ رہا ہوں) انّ حرف مشبہ بالفعل ی ضمیر اس کا اسم اقرأ فعل مضارع با فاعل الکافیۃ ذوالحال لام حرف جار علامۃ مبدل منہ ابن الحاجب مرکب اضافی بدل، مبدل منہ اپنے بدل سے مل کر مجرور، جار اپنے مجرور سے قائم مقام حال، ذوالحال اپنے حال سے مل کر مفعول بہ، فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر خبر، حرف مشبہ بالفعل اپنے اسم و خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا ——— ھل قرأت خزائن العرفان لصدر الافاضل نعیم الدین (کیا تو نے صدر الافاضل نعیم الدین کی خزائن العرفان کو پڑھا) ھل حرف استفہام قرأت فعل ماضی معروف با فاعل خزائن العرفان موصوف لام حرف جار صدر الافاضل مبدل منہ نعیم الدین بدل، مبدل منہ اپنے بدل سے مل کر مجرور، جار اپنے مجرور سے مل کر قائم مقام صفت، موصوف اپنی صفت سے مل کر مفعول بہ، فعل اپنے فاعل و مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ انشائیہ ہوا ——— وصلنی الکتابان الکبیران (بڑی دو کتابیں میرے پاس پہنچیں) وصل فعل ماضی معروف واحد مذکر غائب ضمیر سے خالی ن وقایہ کی ی مفعول بہ الکتابان ذوالحال لکبر جار مجرور ہو کر قائم مقام حال، ذوالحال اپنے حال سے مل کر فاعل، فعل اپنے فاعل و مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا ——— خاتم الفضۃ لعبد الحمید (عبد الحمید کی چاندی کی انگوٹھی ہے) خاتم الفضۃ مرکب اضافی ہو کر ذوالحال لعبد الحمید جار مجرور ہو کر قائم مقام حال، ذوالحال اپنے حال سے مل کر مبتدا ھذا خبر، مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا ——— اقرأ کم شیئا من القرآن (میں تم کو کچھ

[illegible] اقرأ فعل مضارع معروف [illegible] من القرآن جار مجرور سے مل کر قائم مقام صفت، موصوف اپنی صفت سے مل کر مفعول بہ دوم، فعل اپنے فاعل اور دونوں مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا ——— قرأت الجزء الاول من سیف الادب (میں نے سیف الادب کا پہلا حصہ پڑھا) قرأت فعل ماضی معروف با فاعل الجزء الاول مرکب توصیفی ذوالحال من سیف الادب جار مجرور ہو کر قائم مقام حال، ذوالحال اپنے حال سے مل کر مفعول بہ، فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا ——— انّی آکل شیئا من الطعام (بے شک میں کچھ کھانا کھاؤں گا) انّ حرف مشبہ بالفعل ی ضمیر اس کا اسم آکل فعل مضارع با فاعل شیئا موصوف من الطعام جار مجرور ہو کر قائم مقام صفت، موصوف اپنی صفت سے مل کر مفعول بہ، فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر خبر، حرف مشبہ بالفعل اپنے اسم و خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا ——— الغصن الطویل للشجرۃ مخضرّ (درخت کی لمبی ڈال ہری ہے) الغصن الطویل مرکب توصیفی ذوالحال للشجرۃ جار مجرور ہو کر قائم مقام حال، ذوالحال اپنے حال سے مل کر مبتدا، مخضرّ اسم مفعول، اس کا فاعل، اسم مفعول اپنے نائب فاعل سے مل کر شبہ جملہ ہو کر خبر، مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا ——— ابیع المال لزید (میں زید کا مال بیچتا ہوں) ابیع فعل مضارع معروف با فاعل المال ذوالحال لزید جار مجرور ہو کر قائم مقام حال، ذوالحال اپنے حال سے مل کر مفعول بہ، فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا ——— عندی قائمۃ للکتب (میرے پاس کتابوں کی فہرست ہے) عندی مرکب اضافی مفعول فیہ ہوا ثابتۃ کا، ثابتۃ شبہ جملہ ہو کر خبر مقدم، قائمۃ موصوف للکتب جار مجرور ہو کر قائم مقام صفت، موصوف اپنی صفت سے مل کر مبتدا مؤخر، مبتدا مؤخر اپنی خبر مقدم سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا ———

(ترجمۃ الاردویۃ بالعربیۃ)

المولوی الوسکوا قوا باباً من ملتان ـ من عندہ السوار الجدید من الفضۃ ـ قد رئیت الحلال العتیق لہذہ الصنعۃ ـ الرحلات فی البلدۃ یخطبان الیوم ـ المصارعات فی پاکستان مرکبا السیارۃ ـ بیع شیئا من الفضۃ ـ قد طالعت الکتب للامام احمد رضا ـ من ارسل قائمۃ للکتب ـ سلمت علی کثیر من العلماء ـ لی لہ حاجۃ الی

[illegible]

خاتم جدید من الفضة — ہذا بکر قط من الذہب — ابن زید خالد یقرءُ فی المدرسة لاہل السنة —

(قرآنی جملوں کا اُردو میں ترجمہ)

الحبلُ (رسّی) جمع حِبال وأحبُل وحُبُول نحو أجبال — التقطیع (ٹکڑے ٹکڑے کرنا) مصدر باب تفعیل — القطائع (ٹکڑے، ٹکڑا) واحد القطعة — الجیدُ (گردن) جمع أجیاد، جُیُود — الطیر (پرند) الطائر کی جمع ہے، اور کبھی واحد پر بھی بولا جاتا ہے الاربعة (چار) المسد (کھجور کی چھال، مضبوط بٹی ہوئی رسّی، لوہے کا ٹکڑا) جمع مساد، امساد — الاخذ (لینا پکڑنا) مصدر باب نصر — اللقاءُ (ملنا، ملاقات کرنا، دیکھنا، استقبال کرنا) مصدر باب سمع — الکفر (انکار کرنا) مصدر باب نصر — الدرک (طبقہ) الاسفل (سب سے نیچے) اسم تفضیل باب نصر، سمع جمع اسافل — الامطار (برسانا) مصدر باب افعال — الاسقاط (گرانا) مصدر باب افعال — الحجارة (پتھر) واحد حجر — السجیل (کنکر) السماءُ آسمان، ہر وہ چیز جو تیرے اوپر ہو، گھوڑے کی پیٹھ، ہر چیز کی چھت، بارش، بادل، گھاس، نیکوں کی روحوں کے رہنے کی جگہ جمع سماوات، سموات، سمی، اسمیہ — الجعل (بنانا) مصدر باب فتح — الکسف (ٹکڑے) واحد کسفة — الظہیر (مددگار) العرضة (نشانہ، ہمت، قوت، کشتی لڑنے کا داؤ، ارادہ) الایمان (قسمیں) واحد یمین — التلاوة (پڑھنا) مصدر باب نصر — الرضوان (رضا، خوشی) الثیاب (کپڑے) واحد ثوب —

ولہم مقامع من حدید (اور ان لوگوں کے لئے لوہے کے ہتھوڑے ہیں) واؤ عاطفہ یا مستانفہ لہم جار مجرور ہو کر ظرف مستقر ہوا کائن کا، کائن بترکیب سابق خبر مقدم مقامع موصوف من حدید جار مجرور ہو کر ظرف مستقر ہوا ثابتٌ کے، ثابت بترکیب سابق صفت موصوف اپنی صفت سے مل کر مبتدائے مؤخر، مبتدائے مؤخر اپنی خبر مقدم سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا — فی جیدہا حبل من مسد (اس کی گردن میں کھجور کی چھال کی رسّی ہے) فی حرف جار جیدہا بترکیب اضافی مجرور، جار اپنے مجرور سے مل کر ظرف مستقر ہوا کائنٌ کا، کائنٌ بترکیب سابق خبر مقدم حبلٌ موصوف من مسد جار مجرور ہو کر قائم مقام صفت موصوف، موصوف اپنی صفت سے مل کر مبتدائے مؤخر، مبتدائے مؤخر اپنی خبر مقدم سے

مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا — [illegible] عاطفہ [illegible] فعل امر محذوف [illegible] القوم موصوف من الظلمین جار مجرور ہو کر قائم مقام صفت موصوف اپنی صفت سے مل کر مفعول بہ فعل اپنے فاعل و مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ [illegible] ہوا — وان کثیرا من الناس بلقآئ ربہم لکفرون (اور بے شک بہت سے لوگ اپنے رب کی ملاقات کا انکار کرتے ہیں) واؤ عاطفہ ان حرف مشبہ بالفعل کثیرا موصوف من الناس جار مجرور ہو کر قائم مقام صفت، موصوف اپنی صفت سے مل کر اسم [illegible] ب حرف جار لقاء مضاف رب مضاف الیہ مضاف ہم ضمیر مضاف الیہ، مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر مضاف الیہ ہوا لقاء مضاف کا، مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر مجرور ہوا، جار مجرور سے مل کر ظرف لغو مقدم ہوا کافرون کا، لام مفتوح برائے تاکید لکفرون، اسم فاعل اس میں ہم ضمیر پوشیدہ فاعل، اسم فاعل اپنے فاعل اور ظرف لغو مقدم سے مل کر شبہ جملہ اسمیہ ہو کر خبر، حرف مشبہ بالفعل اپنے اسم و خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا — ان المنفقین فی الدرک الاسفل من النار (بے شک منافق لوگ جہنم کے سب سے نیچے طبقے میں ہوں گے) ان حرف مشبہ بالفعل المنفقین اس کا اسم فی حرف جار الدرک الاسفل بترکیب توصیفی ذوالحال من النار جار مجرور ہو کر قائم مقام حال، ذوالحال اپنے حال سے مل کر مجرور، جار اپنے مجرور سے مل کر قائم مقام خبر، حرف مشبہ بالفعل اپنے اسم و خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا — وقال موسٰی یفرعون انی رسول من رب العلمین (اور فرمایا موسیٰ علیہ السلام نے اے فرعون میں سارے عالم کے رب کا رسول ہوں) قال فعل ماضی معروف واحد مذکر غائب صیغہ ہے قال موسٰی فاعل، فعل اپنے فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا — یا حرف ندا قائم مقام ادعو فعل کے ادعو فعل مع ضمیر انا فاعل فرعون مفعول بہ منادیٰ فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ منادیٰ سے مل کر جملہ فعلیہ انشائیہ ہوا — انی حرف مشبہ بالفعل ی ضمیر اس کا اسم رسولٌ موصوف من حرف جار رب العلمین بترکیب اضافی مجرور، جار اپنے مجرور سے مل کر قائم مقام صفت، موصوف اپنی صفت سے مل کر خبر، حرف مشبہ بالفعل اپنے اسم و خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا — وامطرنا علیہم حجارة من سجیل (اور ہم نے ان پر کنکر کے پتھر برسائے) واؤ عاطفہ امطرنا فعل معروف انا فاعل علیہم جار مجرور ہو کر ظرف لغو حجارة موصوف من سجیل جار مجرور ہو کر قائم مقام صفت، موصوف اپنی صفت سے مل کر مفعول بہ فعل اپنے فاعل، مفعول بہ اور ظرف لغو سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا — فاسقط علینا کسفا من السمآء ان کنت من الصدقین (پس آپ ہمارے

اوپر آسمان کے ٹکڑے گرا دیجئے اگر آپ سچے ہیں) فا جزائیہ اسقط فعل امر حاضر معروف با فاعل علینا جار مجرور ہوکر ظرف لغو کسفا موصوف من السماء جار مجرور ہوکر قائم مقام صفت، موصوف اپنی صفت سے مل کر مفعول بہ فعل اپنے فاعل ظرف لغو اور مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ انشائیہ ہوکر جزاء مقدم ان حرف شرط کنت فعل ناقص تُ ضمیر اس کا اسم من الصادقین جار مجرور ہوکر قائم مقام خبر فعل ناقص اپنے اسم و خبر سے مل کر جملہ خبریہ ہوکر شرط مؤخر شرط مؤخر اپنی جزائے مقدم سے مل کر جملہ فعلیہ شرطیہ ہوا ۔۔۔ فلا تکونن ظہیرا للکافرین (پس تم کافروں کے مددگار ہرگز مت بنو) فا عاطفہ لا تکونن فعل نہی اسمیں انت کی ضمیر پوشیدہ اسم نون مشدد برائے تاکید ظہیرا موصوف للکافرین جار مجرور ہوکر ظرف مستقر ثابت کا ثابت بترکیب سابق صفت، موصوف اپنی صفت سے مل کر خبر، فعل ناقص اپنے اسم و خبر سے مل کر جملہ فعلیہ انشائیہ ہوا ۔۔۔ ولا تجعلوا اللہ عرضۃ لایمانکم (اور تم اللہ تعالیٰ کو اپنی قسموں کا نشانہ نہ بناؤ) واؤ عاطفہ لا تجعلوا فعل نہی حاضر با فاعل کلمہ جلالت مفعول بہ اول عرضۃ موصوف لی حرف جار ایمانکم بترکیب اضافی مجرور جار اپنے مجرور سے مل کر قائم مقام صفت موصوف اپنی صفت سے مل کر مفعول بہ ثانی فعل اپنے فاعل اور دونوں مفعول سے مل کر جملہ فعلیہ انشائیہ ہوا ۔۔۔ ورضوان من اللہ اکبر (اور اللہ تعالیٰ کی خوشنودی بڑی ہے) واؤ عاطفہ رضوان موصوف من حرف جار کلمہ جلالت مجرور جار اپنے مجرور سے مل کر ظرف مستقر ہوا ثابت کا ثابت بترکیب سابق صفت موصوف اپنی صفت سے مل کر مبتدا اکبر اسم تفضیل با فاعل اسم تفضیل اپنے فاعل سے مل کر شبہ جملہ اسمیہ ہوکر خبر، مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا ۔۔۔ وان کثیرا من الناس عن آیاتنا لغافلون (اور بے شک اکثر لوگ ہماری نشانیوں سے غافل ہیں) واؤ عاطفہ ان حرف مشبہ بفعل کثیرا موصوف من الناس جار مجرور ہوکر قائم مقام صفت، موصوف اپنی صفت سے مل کر اسم عن حرف جار آیت مضاف نا ضمیر مضاف الیہ مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر مجرور جار اپنے مجرور سے مل کر ظرف لغو مقدم ہوا غافلون کا لام مفتوحہ برائے تاکید غافلون اسم فاعل اسم فاعل اپنے فاعل اور ظرف لغو مقدم سے مل کر شبہ جملہ اسمیہ ہوکر خبر ان حرف مشبہ بفعل اپنے اسم و خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا ۔۔۔ اجتنبوا کثیرا من الظن (زیادہ گمان سے بچو) اجتنبوا فعل امر با فاعل کثیرا موصوف من الظن جار مجرور ہوکر قائم مقام صفت،

موصوف اپنی صفت سے مل کر مفعول بہ فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ انشائیہ ہوا ۔۔۔ قطعت لہم ثیاب من النار (ان لوگوں کے لئے جہنم کے کپڑے بیونت کئے گئے) قطعت فعل ماضی مجہول واحد مؤنث غائب ضمیر سے خالی لہم جار مجرور ہوکر ظرف لغو ثیاب موصوف من النار جار مجرور ہوکر قائم مقام صفت، موصوف اپنی صفت سے مل کر نائب فاعل فعل مجہول اپنے نائب فاعل اور ظرف لغو سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا ۔۔۔ قال ہذا رحمۃ من ربی (کہا یہ میرے رب کی رحمت ہے) قال فعل ماضی با فاعل ہذا مبتدا رحمۃ موصوف من حرف جار ربی بترکیب سابق مجرور جار اپنے مجرور سے مل کر قائم مقام صفت، موصوف اپنی صفت سے مل کر خبر مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوکر مقولہ فعل اپنے فاعل اور مقولہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا ۔۔۔

(استعمال فعل بنفسہ و بواسطہ صلات)

صرت الحائط علی القتادی (میں نے ...) صرت فعل ماضی معروف با فاعل الحائط مفعول بہ علی القتادی جار مجرور ہوکر ظرف لغو فعل اپنے فاعل مفعول بہ اور ظرف لغو سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا ۔۔۔ زید یضرب فی البحیرۃ (زید جھیل میں تیرتا ہے) زید مبتدا یضرب فعل مضارع معروف اسمیں ھو کی ضمیر پوشیدہ فاعل فی البحیرۃ جار مجرور ہوکر ظرف لغو فعل اپنے فاعل اور ظرف لغو سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر خبر، مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا ۔۔۔ لا یضرب احد (کسی کو نہ مار) لا یضرب فعل نہی حاضر معروف واحد مذکر حاضر اسمیں انت کی ضمیر پوشیدہ فاعل احد مفعول بہ فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ انشائیہ ہوا ۔۔۔ الناس یمشون فی الارض (لوگ زمین پر چلتے ہیں) الناس مبتدا یمشون فعل مضارع معروف جمع مذکر غائب با فاعل فی الارض جار مجرور ہوکر ظرف لغو فعل اپنے فاعل اور ظرف لغو سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر خبر، مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ نضرب الامثال (ہم مثال کو بیان کرتے ہیں) نضرب فعل مضارع با فاعل الامثال مفعول بہ فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا ۔۔۔ زید یختلف الی (زید میرے پاس آتا جاتا ہے) اس قسم کی ترکیب گذر چکی ہے، الزعماء یختلفون فی ھذا الامر (لیڈر اس معاملہ میں اختلاف کرتے ہیں) الزعماء مبتدا یختلفون فعل مضارع با فاعل فی حرف جار ھذا موصوف الامر صفت، موصوف اپنی صفت سے مل کر مجرور جار اپنے مجرور سے

متى وصل قطار [illegible] هنا — قد وصل في الساعة التاسعة — بأي قطار تريد ان تذهب الى بمبئى — اذهبُ بالقطار البريدى — اليوم قطار البريد متأخر — لا تقف على السكة الحديدية — اذهب الى مكتبة التذكرة واشتر تذكرة الدرجة الثالثة — [illegible] تجري السيارة — [illegible] السيارة [illegible] مركبة جيدة في العصر الحاضر لكن لابد لها من الشارع المعبد — قد اصبحت الآن خمس عشرة دقيقة فوق الساعة العاشرة — الآن اذهب الى موقف السيارة — يا سيدي [illegible] في السيارة — القطار يقف هنا [illegible] يسيرا — يا ايها السائق [illegible] السيارة —

(حکایت کا اردو میں ترجمہ)

الابراز (ظاہر کرنا) مصدر باب افعال ۔ الاصبع (انگلی) جمع اصابع ۔ الصراخ (چیخنا چلانا) مصدر باب نصر — التوقف (ٹھہرنا) مصدر باب ضرب ۔ الاسراع (جلدی کرنا) مصدر باب افعال ۔ الاطلال (جھانکنا) مصدر باب افعال ۔ الشباك (کھڑکی جھروکا) جمع شبابیک — الهرب (بھاگنا) مصدر باب نصر ۔ حفظ (بچانا

تمنّا. التّناول (لینا) مصدر باب تفاعل ـ الالمُ (درد) جمع الآلام ـ رَأَیٰ (دیکھا) ماضی معروف واحد مذکر غائب باب فتح ـ العادی (دوڑنے والا) اسم فاعل باب ضرب، عدیٰ یَعْدِی عَدْواً، عَدْیاً، صوتٌ ذَهَبِیَّةٌ ـ النائمُ (سویا ہوا) اسم فاعل باب سمع جمع نیام اَلنِّدَاءُ (پکارنا) مصدر باب مفاعلت، نادٰی یُنادی مُنادَاۃً ونِدَاءً ـ المدُّ (پھیلانا) مصدر باب نصر ـ القطعة (ٹکڑا) جمع قِطَعٌ، قِطْعَاتٌ ـ الید (ہاتھ) کلمہ مؤنث ہے اور اس کا لام کلمہ محذوف ہے اصلہ یَدْیٌ تثنیہ یدان جمع اَیْدِی والیَدِیّ الفقیرُ (غریب) جمع فُقَرَاءُ ـ الطریق (راستہ) جمع طُرُقٌ، اطرقۃ ـ الاعطاءُ (دینا) مصدر باب افعال ـــ

ایک غریب لڑکا راستہ میں بیٹھ کر روٹی کھا رہا تھا تو اس نے دوری پر ایک سویا ہوا کتا دیکھا۔ تو اس نے کتے کو پکارا۔ اور اپنے ہاتھ میں روٹی کا ایک ٹکڑا لیکر اس کی طرف بڑھایا۔ یہاں تک کہ کتے نے سمجھا کہ بے شک لڑکا روٹی کا ایک لقمہ اسے دے رہا ہے۔ تو وہ بچے کے قریب ہوا تاکہ روٹی لے لے۔ تو بچے نے لاٹھی سے اس کے سر پر مارا۔ تو کتا درد کی شدت سے بھونکتے ہوئے بھاگا۔ اور اس وقت ایک مرد نے جو اپنی کھڑکی سے جھانک رہا تھا لڑکے کے کرتوت کو دیکھا۔ پس وہ دروازہ پر آیا۔ اور لڑکے کو آواز دی۔ اور اس کو ایک روپیہ دکھایا۔ پس لڑکا تیزی سے بھاگا اور اپنا ہاتھ روپیہ لینے کے لئے بڑھایا۔ تو مرد نے اس کی انگلیوں پر مارا۔ تو لڑکا کتے سے زیادہ چیخنے لگا۔ پھر اس نے مرد سے پوچھا تو نے مجھے کیوں مارا حالانکہ میں نے تجھ سے کچھ نہیں مانگا۔ تو مرد نے کہا کہ تو نے کتے کو کیوں مارا حالانکہ اس نے تجھ سے کچھ نہیں مانگا۔ پس برائی کا بدلہ برائی ہے۔

(کچھ نحوی پہیلیاں)

هذه السیارة لزیدٍ (یہ موٹر گاڑی زید کی ہے) یا بکرُ لِ زیداً (اے بکر تو زید سے قریب ہوجا) علیٰ زیدٍ دینٌ (زید کے اوپر قرض ہے) علیٰ زیدٌ سقفاً (زید چھت پر چڑھا) عادَ عمرٌو ذاهباً (عمرو جانے والا ہوگیا) مملکۃُ خالدٍ ذاهبۃٌ (خالد کی سلطنت جانے والی ہے) العلمُ کمالُ (علم کا کمال) العلمُ کمالٍ (علم مال کی طرح ہے) اِنَّ زیداً کریمٌ (بیشک زید شریف ہے) اَنَّ زیدٌ فطینٌ (ہاں زید ذہین ہے) اَنَّ عمرٌو کبَیْضٍ (کراہا عمرو نے سفید اونٹنی کی طرح) اعلم انّ عمراً قارئٌ (تو جان کہ بے شک عمرو قاری ہے) یا رشیدُ فِ! (اے رشید! الی [illegible] (تو وعدہ پورا کر) الماءُ فی الجرّۃ باردٌ (گھڑے کا پانی ٹھنڈا ہے) الرائحۃُ فی الصائمۃ الطیبۃُ

(روزہ دار کے منہ کی بو زیادہ خوشبودار ہے) [illegible] اِلی اسد الیوم الی العربیۃ [illegible] الشیطان [illegible] الایمان (گناہ سے مخلوق [illegible]) ـــ

(مشقی جملے)

الاُذُنُ (کان) جمع آذانٌ ـ الاِصْبَعُ (انگلی) جمع اصابعُ ـ الرُّسغُ (کلائی، پہنچا) جمع ارساغ، ارسُغ ـ السُّرَّۃ (ناف) الرُّکبۃ (گھٹنا) جمع رُکَب، رُکَبات، رُکُبات ـ الشَّفَۃ (ہونٹ) جمع شِفاہ و شَفَہات ـ الجبینُ (پیشانی، پیشانی کا کنارہ) جمع اَجْبُنٌ، جُبُنٌ، اَجْبِنَۃٌ ـ الانفُ (ناک) جمع آنافٌ، آنُفٌ، اُنُوفٌ ـ الجلّادُ (جلد ساز) ـــ

اللہ تعالیٰ نے انسان کو سننے والا دیکھنے والا بنایا۔ اور اس کے لئے کان بنایا تاکہ حق سنے ـ ـ [illegible] تو پھیر دے میری آنکھ کو اس طرف سے جس سے نور ہی ہے۔ انسان دو پیروں سے چلتا ہے۔ انگلیوں کے سرے سے کلائی تک ہاتھ دھو۔ [illegible] دو گھٹنے کے درمیان ہے۔ ہر انسان کے واسطے ایک زبان اور دو ہونٹ ہیں۔ اے طالب علموں جان لو کہ بے شک دونوں ہاتھ اور دونوں پیر کی انگلیوں کے سروں سے دھونے کی ابتداء کرنا وضو کی سنتوں میں سے ہے۔ سجدہ کرتے وقت ناک اور پیشانی زمین پر رکھو۔ اور اپنے پاؤں کی انگلیوں کو قبلہ کی طرف پھیرو۔ پہلے نماز درست پڑھ بلا جماعت سے پڑھو۔ قلم اور دوات لا تاکہ میں درست کردوں اسکو جو تو نے لکھنے میں غلطی کی ہے۔ تو نے کتنی رکعت نماز پڑھی ہے؟ مجھے یاد نہیں۔ اے ہوٹل والے! میں دوپہر کا کھانا کھانے آیا ہوں۔ اے بیٹے کیا حاضر کروں۔ کیا تیرے پاس بھنا ہوا گوشت ہے؟ ہاں! تو اسے لاؤ۔ مجھے پلاؤ بہت پسند ہے۔ میرے لئے تین چپاتی پکاؤ۔ اے دوری! میرے لئے ایک جز اور ایک کاپی سی دو۔ تم کہاں جانا چاہتے ہو؟ جلد ساز کے پاس۔ کیوں؟ جلد کن بنوانی؟ جلد سازی کیلئے کیا آپ ہی جلد ساز ہیں؟ ہاں جناب! کتنی اجرت لیتے ہو؟ میں ایک کتاب کی چار آنے لیتا ہوں۔ تم ابھی کیا پڑھ رہے ہو؟ میں ماہانہ رسالہ پڑھ رہا ہوں۔ یہ ہفتہ واری اخبار کہاں سے نکلتا ہے؟ یہ بمبئی سے نکلتا ہے۔

(المَدْرَسَۃ والسَّاعَۃ)

(مدرسہ اور گھڑی)

اے بھائی! مدرسہ کب چلو گے؟ اے ساتھی جلدی مت کر۔ ابھی مدرسہ چلتا ہوں۔ کیا تیرے پاس گھڑی ہے؟ ہاں! کتنا بجا ہے؟ دس بجے ہیں۔ اے خالد تیری گھڑی میں کتنا بجا ہے؟ دس بجکر

دس منٹ ہو چکے ہیں ۔ میں گمان کرتا ہوں کہ وہ درست آگے ہے (یا) میرے خیال میں آگے ہے ۔ کیا تمہاری گھڑی پر بھروسہ ہے؟ ہاں اس لئے کہ وہ صحیح وقت بتلاتی ہے ۔ [illegible] ضروری ہے ۔ اے احمد! تیری گھڑی کہاں ہے؟ [illegible] اچانک بند ہو گئی ۔ شاید تو نے اس میں چابی نہیں دی ۔ [illegible] تیری گھڑی کیسی چلتی ہے؟ میری گھڑی [illegible] صحیح چلتی ہے [illegible] سوئی تو وہ سیکنڈ کو بتاتی ہے ۔ اور دوسری سوئی منٹ بتاتی ہے اور تیسری سوئی گھنٹہ بتاتی ہے ۔

اے سعید آج تو کہاں جا رہا ہے؟ میں دار العلوم فیض الرسول جا رہا ہوں ۔ یہاں سے اس کی مسافت کتنی ہے؟ دو میل ۔ تم کون سی کتابیں پڑھتے ہو؟ میں ہدایۃ النحو، مرقات، علم الصیغہ اور کتاب التعلیل پڑھتا ہوں ۔ کس سے پڑھتے ہو؟ مولانا ضیاء الدین سے ۔ اسباق کب سے شروع ہوتے ہیں؟ صبح نو بجے سے ۔ کب تک جاری رہتے ہیں؟ بارہ بجے تک ۔ اے رشید میری کتاب کہاں ہے؟ میں نے اسے [illegible] تو تم اس سے لے لو ۔ گھسیٹ گئی ۔ لہذا مجھے جلد دیجئے ۔ ورنہ [illegible] یاد [illegible] ہو جائے گا ۔ ارے کوئی طالب علم ہے؟ جی حضور میں حاضر ہوں ۔ جلد آ ۔ اور سبق شروع کر ۔ حضور والا آپ نے میرا علم [illegible] اور اسے قلمدان سے نکال لے ۔ جب سے کاتب [illegible] ختم کرایا ۔ اللہ تعالیٰ کے بندوں میں سے ڈرنے والے علماء ہی ہیں ۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا [illegible] ہوں اور اللہ تعالیٰ عطا فرماتا ہے ۔

(اردو کی تعریب)

یا سعید الی تقدمت ساعتك لبثة ۔ قد دوّر عقرب الساعة فی الساعة السادسة ۔ ساعة لیس مستقیمة الی الآن ۔ قد صار [illegible] ساعة فوق الساعة الثامنة ۔ هل من رجلهما ۔ نعم یا سیدی ۔ اذهب بهذا المکتوب والقه فی صندوق البرید ۔ این تذهب للقراءة ۔ یا سیدی الی المدرسة العربیة ۔ علی ای شیئ تدق العقرب [illegible] من الساعة ۔ هل من قرأت علم الصیغة ۔ الجرس قد ضرب ۔ هل [illegible] الی المدرسة ۔ متی ینعقد الاحتفال السنوی فی مدرستك ۔ هاتی کتب ۔ کم [illegible] العدد الوتر ۔ ما قال لك الشوی ابوکی ۔ این لیکن الدکتور عبد الله [illegible] احمد [illegible] ۔ قد اتممت الکتاب هذا لکن لا [illegible] ۔ ای کتب قد قرأت ۔ ما اسم العالم الذی اقرأ زیدا ۔

الکتاب الذی قرأتها هذه ۔ لا [illegible] همها ۔ لیس زید او جدة علماء ۔ لم لا یکن حالاً عن صاحبه ۔ [illegible] مع ابی عدل ۔ [illegible] ان یا هنت علی اللہ حجة مع انه تیمکن من المتن علی الاقتداء ۔ لا [illegible] الاولیاء الامه غیر مصلی ۔ وُلد ابی فی سنة ثمانین وتسع مائة ذاهب من العربیة ۔ [illegible] وثلث مائة وتسعة الاف ۔

(تاج محل)

القرن (صدی) جمع قرون ۔ الضریح (قبر) جمع ضرائح ۔ البنیان (عمارت) الصفة [illegible] جمع صفات ۔ آگرہ (آگرہ) بناء (معمار) بناؤں ۔

شاہجہاں دسویں صدی ہجری میں ہندوستان کے بادشاہوں میں سے عظیم بادشاہ تھا ۔ اور اس کی ایک بیوی تھی جس کا نام ممتاز محل تھا ۔ اور وہ اس سے بہت محبت کرتا تھا ۔ اور اسی کے بطن سے شہنشاہ عالمگیر رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ پیدا ہوئے ۔ اور وہ شاہجہاں کی اولاد میں تھے ۔ روایت کی جاتی ہے کہ ممتاز محل کی جب موت کا وقت آیا تو اس نے اپنے شوہر شاہجہاں سے درخواست کی کہ وہ اس کی قبر پر ایک ایسی عمارت تعمیر کرائے جس کی مثال [illegible] نہ ہو ۔ تو بادشاہ نے اس کا حکم دیا پس آگرہ میں جمنا (ندی) کے کنارے ایک عمارت بنائی گئی ۔ یہ وہی ہے جس کو تاج محل کہا جاتا ہے ۔ مورخین کا بیان ہے کہ اس کی تعمیر بیس سال میں مکمل ہوئی ہے ۔ اور بیس ہزار معمار [illegible] روزانہ کام کرتے تھے اور وہ دنیا کی عجوبہ عمارتوں میں سے ہے ۔

(المناظرۃ) (سیدنا ابراہیم علیہ السلام اور بادشاہ نمرود کے درمیان مناظرہ)

الاحیاء (زندہ کرنا) مصدر باب افعال ۔ الاماتة (مردہ کرنا) مصدر باب افعال ۔ [illegible] (ہکا بکا ہونا، کند ذہن ہونا) مصدر باب فتح ۔ الجسد (جسم) جمع اجساد ۔ البلید (کند ذہن، مردود ذہن) البهت (مبہوت ہونا، ہکا بکا ہونا) مصدر باب سمع و کرم و فتح ۔ اللب (عقل، ہوش) جمع الباب ۔

جب سیدنا ابراہیم علیہ الصلوٰۃ والسلام نمرود کے پاس تشریف لے گئے ۔ اور حکم، سلام اور ایمان باللہ کی طرف بلایا ۔ نمرود نے ان سے کہا تیرا رب کون ہے؟ ابراہیم علیہ السلام نے فرمایا میرا رب وہ ہے جو زندہ کرتا ہے اور مارتا ہے ۔ جس کا مطلب یہ ہے کہ جو زندگی اور موت جسموں میں پیدا فرماتا ہے وہ میرا رب ہے ۔ لیکن نمرود نے یہ مطلب کند ذہنی کی وجہ سے نہیں سمجھا ۔

اور کہا میں زندہ کرتا ہوں اور مارتا ہوں۔ اور اس نے دو آدمی کو بلایا پس اس نے ان میں سے ایک کو قتل کر دیا اور دوسرے کو چھوڑ دیا۔ جب حضرت ابراہیم علیہ السلام نے ملاحظہ فرمایا کہ وہ کم عقل ہے تو آپ نے اس پر ایک روشن دلیل پیش فرمائی ۔۔ اور اس سے فرمایا کہ بیشک اللہ تعالیٰ سورج کو پورب سے نکالتا ہے اور اگر تو اپنے آپکو خدا گمان کرتا ہے تو تو اسکو پچھم سے نکال۔ اس لئے کہ جو خدا ہوتا ہے وہ ہر چیز پر قادر ہوتا ہے۔ تو کافر ہکا بکا رہ گیا۔ یعنی نمرود اس بات کو سنتے ہی سے اس کا ہوش اڑ گیا۔ اور جواب نہ دے سکا۔

(سیدنا السالار مسعود الغازی رضی اللہ تعالیٰ عنہ)

التوجہ (روانہ ہونا) مصدر باب تفعل ۔۔ التوجیہ (بھیجنا، روانہ کرنا) مصدر باب تفعیل ۔۔ بھرائچ (شہر کا نام) الاکیمۃ [illegible] ستٖرک (ستر کھ ضلع بارہ بنکی میں ایک قصبہ کا نام ہے) الشرطی (کوتوال سپاہی پولیس) جمع شرطۃ ۔ ذو العاھۃ (مصیبت زدہ) رمایۃ السھم (تیر اندازی) الفروسۃ (شہسواری) الممارسۃ (مشق کرنا) مصدر باب مفاعلہ ستر معلی (سرکار غازی کی والدہ محترمہ کا نام) التسیف (تیغ زنی) مصدر باب تفعل ۔ طعن الرمح (نیزہ بازی) التجھیز الشدید (خوب تیاری کرنا) الصول (حملہ کرنا، چڑھائی کرنا) الامیر الھندکی (راجہ) ۔۔

وہ اسلام اور مسلمانوں کے مددگار ہیں۔ غازیوں اور مجاہدوں کے رہنما ہیں۔ پرچم اسلام کو اٹھانے والے ہیں۔ بتوں کے رعب کو توڑنے والے ہیں۔ مشہور شہداء عظام میں ہیں۔ اللہ تعالیٰ ان سے اور ان کے آباء کرام سے راضی ہو۔ یہ وہی ہیں جنکو ہندوستان کے مسلمان، ہندو، مرد، عورتیں اور بچے غازی میاں اور بالے میاں کے نام سے جانتے ہیں۔ آپ کا نسب شریف مومنوں کے امیر اور مسلمانوں کے رئیس اعظم سیدنا علی مرتضیٰ کرم اللہ تعالیٰ وجہہ الکریم سے ملتا ہے۔ وہ نسب نامہ درج ذیل ہے۔ سلطان الشہداء سالار مسعود غازی جو بیٹے ہیں سالار ساہو غازی کے وہ بیٹے ہیں شاہ عطاء اللہ غازی کے وہ بیٹے ہیں شاہ طاہر غازی کے وہ بیٹے ہیں شاہ طیب غازی کے وہ بیٹے ہیں شاہ محمد غازی کے وہ بیٹے ہیں شاہ عمر غازی کے وہ بیٹے ہیں شاہ ملک آصف غازی کے وہ بیٹے ہیں شاہ بطل غازی کے وہ بیٹے ہیں شاہ عبد المنان غازی کے وہ بیٹے ہیں سیدنا امام محمد غازی کے وہ بیٹے ہیں امیر المومنین فاتح خیبر شیر خدا سیدنا علی کے رضی اللہ تعالیٰ عنہ وعنہم۔ آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ ستر معلی کے بطن سے بروز اتوار بوقت صبح صادق اکیس رجب سن چار سو

پانچ ہجری (۴۰۵ھ) مطابق سن [illegible] عیسوی ۱۰۱۵ء کو اجمیر شریف میں پیدا ہوئے۔ حضرت کے والد سالار ساہو علیہ الرحمہ سلطان محمود غزنوی کی جانب سے وہاں کے والی تھے۔ درحقیقت ستر معلی جو بیٹی سبکتگین کی ہیں وہ سلطان محمود غزنوی کی ہمشیرہ اور سالار ساہو علیہ الرحمہ کی بیوی تھیں۔

آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے علوم دینیہ غازی ابراہیم [illegible] سے حاصل کیے۔ اور آپ دس سال کی عمر میں علم ظاہری اور باطنی کے عالم ہو گئے۔ اور نیزہ اندازی، تیر اندازی، شمشیر زنی اور شہسواری کی مشق کی۔ اس لئے کہ آپ ابتداء عمر مبارک ہی سے اسلام کی تبلیغ اور اشاعت دین کے شیدائی تھے۔ اور اللہ رب العالمین کی راہ میں جہاد اور جنگ کرنے کے آرزو مند تھے۔ اور آپ نے بیعت و خلافت اپنے والد گرامی علیہ الرحمہ سے حاصل کی۔

اور آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ اپنے ماموں سلطان محمود کے ساتھ سومنات (ہندوستان) کے فتح کے بعد غزنی تشریف لے گئے۔ اور کچھ دنوں وہاں قیام فرمایا۔ پھر گیارہ ہزار سواروں کے ساتھ ہندوستان کی طرف اسلام کی آواز کو اس کے گوشہ گوشہ میں بلند کرنے کیلئے روانہ ہوئے۔ اور [illegible] آتا ہوا اور سندھ ہوتے ہوتے ملتان پہونچے اور وہاں چار مہینے قیام فرمایا۔ پھر دہلی، میرٹھ اور قنوج ہوتے ہوتے ستر کھ ضلع بارہ بنکی میں تشریف لائے۔ اور اس وقت آپ کے والد گرامی کابل کے گورنر تھے اور آپ کی والدہ بھی آپکے والد کے ساتھ تھیں۔

اور جب آپ کی والدہ نے سنہ ۴۲۳ھ میں کابل میں انتقال فرمایا تو آپ کے والد صاحب بھی ستر کھ میں تشریف لائے۔ اور وہیں مقیم ہو گئے۔ پھر سیدنا غازی مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے اپنے گورنروں کو اسلام کی تبلیغ کیلئے قرب و جوار میں بھیجا۔ اور اپنے محترم بزرگوار سالار سیف الدین سرخ رو اور سالار رجب کو توان لوگوں کو اسلام کی طرف لانے والے مجاہدین کی جماعت کیساتھ بہرائچ بھیجا۔۔ اور جب یہ لوگ بہرائچ پہونچے اور توحید کی آواز اس کے اطراف میں پھیلی تو ہندوستان کے راجاؤں نے ان کی اقامت کو ناپسند کیا (برا سمجھا) اور ان لوگوں کا محاصرہ کر لیا تو سالار سیف الدین نے سیدنا غازی کے پاس خط لکھا اور ان کو صورت حال سے مطلع کیا اور ان سے مدد طلب کی۔ تو سیدنا غازی ستر کھ سے نکلے اور [illegible] شعبان سنہ ۴۲۳ھ کو بہرائچ پہونچے۔ تو یہ سرکش لوگ اس وقت تو پیچھے ہٹ گئے۔ پھر ان لوگوں نے خوب تیاری کی اور جنگ کے ارادے سے آئے۔ پس لشکر اسلام اور ہندو راجاؤں کی فوج کے درمیان بہرائچ کے علاقہ میں جنگ کے شعلے بھڑک اٹھے۔ اور لشکر مسعودیہ کے غازیوں نے تعداد کی قلت کے باوجود دشمنوں کے پجاریوں کو

ستعد الزاہجوں میں تبدیل دی ۔

پھر آخری معرکہ خاص بہرائچ میں ہوا۔ جسمیں ہندوستان کے ۲۱ کنگ اعدا اپنی بہت سی فوجوں کے ساتھ جمع ہوئے۔ اور ان لوگوں نے اہل حق پر حملہ کر دیا۔ تو سید سالار نے اپنی فوج کے ساتھ ان لوگوں سے شدید جنگ فرمائی۔ اور ۱۴ رجب سنہ ۴۲۴ھ کو سالار سیف الدین علیہ الرحمہ عساکر اسلام کے جم غفیر کے ساتھ شہید ہوئے۔ اور دوسرے دن ۱۴ رجب کو سیدنا غازی رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے اللہ کے راستے میں شہادت کا جام نوش فرمایا۔ اور ہمیشہ کیلئے بہرائچ میں پرچم اسلام نصب کر دیا۔ آپ کے والد بزرگوار سالار ساہو علیہ الرحمہ نے ۲۵ شوال سنہ ۴۲۳ھ کو ستر کھ میں انتقال فرمایا اور وہیں دفن ہوئے اور ان کی قبر کی زیارت کیجاتی ہے اور اس سے برکت حاصل کی جاتی ہے۔ اور سلطان الشہداء سید سالار غازی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو بہرائچ میں دفن کیا گیا۔ اور ان کے قبر شریف کی بڑے چھوٹے امیر غریب علماء اور مشائخ زیارت کرتے ہیں۔ اور بے شک اللہ رب العالمین نے ان کے جہاد اور ان کی قربانی کو قبول فرمالیا۔ اور ان کو برکات کا سرچشمہ بنا دیا اور تصرفات پر قدرت عطا فرمائی۔ اور بہت سے کوڑھی اندھے اور مصیبت زدہ جو ان کے قبر شریف کے پاس آئے اللہ تعالیٰ نے انہیں شفا عطا فرمائی۔ پس اللہ تعالیٰ ان سے راضی ہو اور ان کو ہم سے راضی کرے ۔

سیدنا الغوث الاعظم الجیلانی

رضی اللہ تعالیٰ عنہ

آپ افراد میں جدا، سیدوں کے سید، مددوں کو پہنچانے والے، شہروں کی اصلاح کرنیوالے، فساد کو دور کرنیوالے، رشد و ہدایت کے شیخ اور [illegible] فرمانے والے، اولیاء کے مرجع، کونین کے غوث، دور و نزدیک کے امام، ماں اور باپ کی طرف سے جد و حسب و نسب والے حسنی وحسینی کے بیٹے، ثقلین کے غوث، افضل مفسر، افضل محدث، کامل فقیہ، امت کے مفتی، اسلام کو زندہ کرنیوالے، روشن شریعت کے رائج کرنیوالے، روشن طریقہ کے مجدد، روشن سنت کی تائید کرنیوالے، بدعت سیئہ کو توڑنے والے، اللہ کے محبوب، حق کو بچانے والے، محکم دستگیر، روحانی پیشوا، اللہ کی راہ پر چلنے والے، ربانی قطب، سیدنا ابو محمد محی الدین عبد القادر جیلانی ہیں۔ اللہ پاک بہت نعمت عطا کرنیوالا ان سے اور ان کے آباء کرام، اور ان کے مشہور بزرگوں، بڑے بڑے خلیفوں، اور ان سے نسبت رکھنے والوں سے قیامت تک راضی ہو۔ آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سنہ ۴۷۰ھ میں جیلان میں پیدا ہوئے۔ اور آپ والدہ کی جانب سے حسنی اور والد کی جانب

حسنی [illegible] دو بیٹے ہیں [illegible] الاول ان کے دو بیٹے ہیں [illegible] کے دو بیٹے ہیں [illegible] بیٹے ہیں [illegible] کے دو بیٹے ہیں [illegible] کے دو بیٹے ہیں سید عبداللہ محض کے دو بیٹے ہیں سید حسن مثنیٰ کے دو بیٹے ہیں سیدنا امیر المومنین سیدنا امام امام حسن کے دو بیٹے ہیں امیر المومنین سیدنا علی رضی اللہ عنہ اور سیدہ فاطمہ زہرا بنت رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم و علیہم اجمعین ہے ۔

اور والد آپ کا حسینی ہے اور آپ کا سلسلہ نسب [illegible] سید عبداللہ صومعی کے دو بیٹے ہیں سید جمال الدین محمد کے دو بیٹے ہیں سید محمود کے دو بیٹے ہیں سید امام علی رضا کے دو بیٹے ہیں سید امام موسیٰ کاظم کے دو بیٹے ہیں سید امام جعفر صادق کے دو بیٹے ہیں سید امام محمد باقر کے دو بیٹے ہیں سید امام زین العابدین علی کے دو بیٹے ہیں السید الامام سید الشہداء امام حسین کے دو بیٹے ہیں امیر المومنین سیدنا علی مرتضیٰ اور سیدہ فاطمہ زہرا بنت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم و علیہم اجمعین کے ۔

اور آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ جس وقت ابھی ماں کی گود میں شیر خوار تھے۔ رمضان کے دن میں ماں کا دودھ نہیں نوش فرماتے تھے۔ پس اس وقت بہت جیلان میں مشہور ہو گئی کہ سادات میں ایک ایسا لڑکا پیدا ہوا ہے جو رمضان کے دنوں میں دودھ نہیں پیتا ہے ۔

پس جب آپ [illegible] کے زمانہ میں شریعت [illegible] اور جب آپکو اعلیٰ تعلیم حاصل کرنے کا شوق ہوا تو آپ نے جیلان سے سفر کیا اور سنہ ۴۸۸ھ میں بغداد پہنچے۔ اور وہاں امت کے بڑے بڑے علماء کی طرف متوجہ ہوئے۔ پس آپ قرآن عظیم میں مشغول ہوئے یہاں تک کہ اسکو حفظ کر لیا اور اس کے ظاہر و باطن کو حاصل کر لیا۔ قاضی ابو سعید مبارک بن علی مخرمی اور ابو الوفاء علی بن عقیل اور ابو الخطاب محفوظ کلوذانی اور ابو الحسن محمد بن قاضی ابی یعلیٰ رضی اللہ تعالیٰ عنہم جیسے کامل فقیہوں سے علم فقہ حاصل کیا۔ اور احادیث مرویہ و مسندہ بہت سے زیادہ لوگوں سے سماعت فرمائی جن میں سے ابو غالب محمد بن حسن باقلانی اور ابو بکر احمد بن مظفر اور ابو القاسم علی بن احمد کرخی اور ابو عثمان اسمٰعیل بن محمد اصبہانی اور محمد بن مختار ہاشمی اور ان کے علاوہ بہت سے محدثین ہیں۔ رضی اللہ تعالیٰ عنہم ۔

اور ادب ابو زکریا یحییٰ بن علی تبریزی کے پاس پڑھا (علیہ الرحمہ) اور امام المحققین ابو سعید حماد بن مسلم

یحییٰ
[illegible] کے
دو بیٹے ہیں
سید [illegible]
[illegible]
[illegible]
[illegible]
[illegible] کے
دو بیٹے ہیں

دباس کی صحبت اختیار فرمائی اور ان سے علم طریقت سیکھا۔ اور بڑے بڑے زاہدوں عابدوں اور بڑے پرہیزگاروں کی جماعت سے ملاقات کی پس ان لوگوں سے علوم شریعت حاصل کرنے اور فنون دینیہ سیکھنے میں برابر کوشش کرتے رہے۔ یہاں تک کہ عراق کے تمام بزرگوں پر سبقت لے گئے۔ اور زمانے کے علماء پر فائق ہوگئے۔ پھر آپ عمل ریاضت و مجاہدہ میں مشغول ہوئے تو پچیس سال عراق کے جنگلوں اور ویرانوں میں پھرتے ہوئے تنہا عبادت کرتے رہے۔ اور چالیس سال تک عشاء کے وضو سے صبح کی نماز پڑھتے رہے۔ اور پندرہ سال تک عشاء کی نماز پڑھکر پھر قرآن شریف کی تلاوت فرماتے رہے اس حال میں کہ ایک پاؤں پر کھڑے رہتے یہاں تک کہ صبح کے وقت قرآن شریف ختم کر لیتے۔ اور جب آپ کا مجاہدہ ختم ہوا تو شیخ اجل فقیہ قاضی ابوسعید مبارک بن علی مخزومی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے دست مبارک سے خرقہ شریف پہنا۔

اور جب اللہ رب العالمین نے آپکو مخلوق کیواسطے ظاہر فرمایا اور آپکو مقبول خاص و عام کر دیا۔ تو آپ لوگوں کے سامنے تقریر کرنے اور انکو نصیحت کرنے میں مشغول ہو گئے۔ اور آپ کا پہلا جلسہ وعظ شوال ۵۲۱ھ میں منعقد ہوا۔ اور لوگ آپکی مجلس وعظ میں دور دراز مقامات سے گھوڑوں، خچروں، گدھوں اور اونٹوں پر آتے یہاں تک کہ حاضرین کی تعداد ستر ہزار ہو جاتی۔ اور چار سو کاتب آپکی مجلس میں حاضر رہتے اور آپ سے سنتے تھے اسے لکھتے۔ اور آپکی مجلس میں آپکی نصیحت کی تاثیر سے دو، تین مرد مر جاتے تھے۔ اور آپکی کوئی مجلس ایسی نہ ہوتی جو خالی ہو یہود و نصاریٰ کے مسلمان ہونے سے اور رہزنی اور قتل سے توبہ کرنے والوں سے اور عقائد بد اظہار کرنے والوں یعنی رافضی وغیرہ کے رجوع کرنے سے۔ اور آپ کے دست مبارک پر پانچسو سے زیادہ یہودی اور عیسائی مسلمان ہوئے۔ اور آپکے دست مبارک پر ایک لاکھ سے زیادہ راہزنوں، جان مار ڈالنے والوں، اور دوسرے بڑے گناہ گاروں اور بے دینوں نے توبہ کی۔

اور جب آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے تدریس کیلئے مسند صدارت کو زینت بخشی تو آپکے پاس دنیا کے گوشے گوشے سے طالب علم حاضر ہوئے۔ اور آپ سے علم سیکھا اور سماعت کی۔ اور فقہاء کی ایک کثیر جماعت نے آپ سے شرف تلمذ حاصل کیا۔ اور بہت سے علماء آپکی جانب منسوب ہوئے۔ اور آپ اپنے مدرسہ میں تفسیر، حدیث، فقہ اور نحو وغیرہ کا درس دیتے تھے اور قرآن مجید کو تمام قراتوں کے ساتھ پڑھاتے تھے۔ اور جن لوگوں نے آپ سے علم فقہ حاصل کیا اور آپکے احادیث سماعت کی ان میں سے آپکے مبارک فرزندوں میں سے شیخ امام سیف الدین عبدالوہاب اور امام بے نظیر سید تاج الدین عبدالرزاق اور امام اوحد سید شرف الدین عیسیٰ اور امام جلیل سید شمس الدین عبدالعزیز اور امام سید

جمال الدین یحییٰ تھا۔ اور شیخ امام سید ضیاء الدین موسیٰ اور امام جلیل سید ابوبکر عبدالرحمن اور امام فقیہ سید یحییٰ اور شیخ اجل سید ابو اسحٰق ابراہیم اور امام جلیل سید ابوالفضل محمد رضی اللہ تعالیٰ عنہم اجمعین ہیں ــــ اور تم جان لو کہ بیشک جب سیدنا شیخ محی الدین عبدالقادر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے سامنے قطبیت کا جھنڈا گاڑ دیا گیا اور ان کے سر پر غوثیت کا تاج رکھا گیا اور عالم میں تصرف تام کی خلعت پہنائی گئی اور ولایت دینے اور چھیننے کا اختیار آپکو عطا کیا گیا تو حکم دیا گیا کہ آپ اپنے اس مقام کا اعلان کریں۔ تو آپ نے مجمع عام میں اپنی مجلس بغداد میں فرمایا "میرا یہ قدم اللہ کے تمام ولیوں کی گردن پر ہے" اور اس وقت پچاس سے زیادہ بڑے بڑے اولیاء آپکی مجلس میں حاضر تھے جیسے شیخ اجل علی بن ہیتی اور شیخ سیدنا ابوسعید قیلوی اور شیخ ابو نجیب عبدالقاہر سہروردی اور ان کے بھتیجے شیخ الشیوخ شہاب الدین سہروردی اور شیخ ابو عمرو عثمان صریفینی اور شیخ ابو محمد عبدالحق حریمی اور شیخ لقا بن بطو اور ان کے علاوہ مشائخ۔ تو سیدنا علی بن ہیتی اجابت کو سبقت سے جلدی سے کھڑے ہوگئے۔ اور آپ کی کرسی کے سامنے ہو گئے اور اس پر چڑھ گئے اور سیدنا غوث اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے قدم کو پکڑ کر اسکو اپنی گردن پر رکھا۔ اور آپکے دامن کے نیچے داخل ہو گئے۔ اور ان سب بزرگوں نے اپنی گردنوں کو اس مجلس میں آپکے سامنے جھکا دیا۔ رضی اللہ تعالیٰ عنہم اجمعین۔ اور وہ جو دنیا کے گوشے گوشے کے وہ اولیاء جو اس مجلس بغداد میں حاضر نہ تھے تو ان لوگوں نے بھی اسی وقت اپنے سروں کو جھکایا۔ جیسا کہ بیان کیا گیا ہے کہ بیشک شیخ احمد رفاعی نے اپنا سر ام عبیدہ میں جھکایا اور شیخ عبدالرحمن طفسونجی نے طفسونج میں اور شیخ محمد بن موسیٰ بصری نے بصرہ میں اور شیخ حیات بن قیس حرانی نے حران میں اور شیخ سوید سنجاری نے سنجار میں اور شیخ رسلان نے دمشق میں اور شیخ شعیب ابو مدین نے مغربی افریقہ میں اور شیخ ابراہیم حسینی تنادی نے قاہرہ میں اور شیخ عدی بن مسافر نے لالش میں رضی اللہ تعالیٰ عنہم اجمعین۔

شیخ ابو محمد قاسم بصری رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا کہ جب شیخ عبدالقادر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو حکم دیا گیا کہ وہ کہیں "یہ میرا قدم تمام اولیاء اللہ کی گردن پر ہے" تو میں نے مشرق و مغرب کے اولیاء کو دیکھا کہ وہ اپنے سروں کو تواضعاً انکساری کے جھکائے ہوئے ہیں۔ سوائے ایک عجمی مرد کے۔ پس انہوں نے حکم کی تعمیل نہیں کی تو ان سے ان کا حال پوشیدہ ہو گیا۔

اور شیخ ماجد کردی رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا کہ بیشک جب شیخ عبدالقادر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا "قدمی هذا علی رقبة کل ولی للہ" تو روئے زمین پر اس وقت کوئی ولی باقی نہ رہا مگر انہوں نے اللہ کے واسطے انکساری کرتے ہوئے اور آپ کے منصب کا اعتراف کرتے ہوئے اپنی گردن کو جھکا دیا ــــ تم جان لو کہ بیشک اللہ رب العالمین جل شانہ نے سیدنا غوث اعظم

رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو اس بات پر قدرت دی ہے کہ وہ مخلوق کے ظاہر و باطن میں تصرف کریں۔ اور اپنا حکم جنات اور انسان پر جاری کریں۔ اور جو غیب کی باتیں ہیں ان سے مطلع کریں۔ اور ان کو ظاہر کریں اور لوگوں کے خیالات پر بات کریں۔ اور عجیب عجیب عطا فرمائیں۔ اور پریشانیوں اور مصیبتوں کو دور فرمائیں۔ اور زندہ کریں اور مردہ کریں۔ اور مادر زاد اندھے اور سفید داغ والے کو شفا بخشیں اور بیماروں کو اچھا کریں۔ اور زمان و مکان کو طے کریں۔ اور زمین و آسمان میں اپنا حکم نافذ کریں اور پانی پر چلیں۔ اور فضا میں پرواز کریں۔ اور لوگوں کے دلوں کو پھیر دیں۔ اور غیب سے چیزوں کو حاضر کریں۔ اور گذشتہ اور مستقبل کی خبریں دیں اور خرق عادات اعمال کو صادر فرمائیں۔ قاضی اعتماد ائمہ سے بہت ساری روایتیں آئی ہیں جو اس بات پر گواہی دیتی ہیں کہ بیشک یہ سارے امور ان کے رب کے حکم سے واقع ہو چکے ہیں۔ جیسا کہ امام زمانہ نور الدین ابوالحسن علی شطنوفی اور امام اجل عفیف الدین عبداللہ اور ان دونوں کے علاوہ حضرات نے اپنی کتابوں میں ذکر فرمایا ہے ——— شیخ عمر بن مسعود بزار اور شیخ ابو حفص عمر کیماتی سے روایت ہے دونوں نے فرمایا کہ ہمارے مرشد شیخ عبدالقادر رضی اللہ تعالیٰ عنہ اپنی مجلس میں عام لوگوں کے سامنے فضا میں چلتے تھے۔ اور فرماتے تھے سورج نہیں طلوع ہوتا ہے جب تک مجھ کو سلام نہ کرے اور سال آتا ہے اور مجھے سلام کرتا ہے اور مجھے خبر دیتا ہے اس کے بارے میں جو کچھ اس میں ہونے والا ہے۔ اور مہینہ آتا ہے اور مجھے سلام کرتا ہے اور مجھے خبر دیتا ہے اس کے بارے میں جو کچھ ہونے والا ہے۔ اور ہفتہ آتا ہے اور مجھے سلام کرتا ہے اور مجھے خبر دیتا ہے اس کے بارے میں جو کچھ اس میں ہونے والا ہے۔ اور دن آتا ہے اور مجھے سلام کرتا ہے اور مجھے خبر دیتا ہے اس کے بارے میں جو کچھ اس میں ہونے والا ہے۔ اور میرے رب کی عزت کی قسم بیشک نیک بخت اور بد بخت لوگ میرے سامنے پیش کئے جاتے ہیں۔ میری نگاہ لوح محفوظ پر ہے۔ میں علم الٰہی کے سمندروں میں غوطہ زن ہوں۔ اور اس کے مشاہدہ میں مستغرق ہوں۔ میں تم سب پر اللہ کی دلیل ہوں۔ میں زمین میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا نائب اور ان کا وارث ہوں۔

اور آپ نے رضی اللہ تعالیٰ عنہ اسلام کو زندہ کرنے اور مسلمانوں کے دین کو نیا کرنے اور فقہا اور محدثین کی فوج تیار کرنے اور علما و مشائخ اور صالحین کی فوج کو سنت کی اشاعت اور شریعت کی ترویج اور دین کی حمایت کیلئے تیار کرنے کے بعد ۱۱ ربیع الآخر ۵۶۱ھ میں رحلت فرمائی۔ پس اللہ احسن الخالقین ان سے راضی ہو اور درود و سلام نازل ہو افضل المرسلین سیدنا محمد صلی اللہ علیہ وسلم اور ان کے تمام آل اور اصحاب اور ان کے پیروکار اور ان کے فرزند غوث اعظم (ا

جلالی ہے۔ آخر دعوانا ان الحمد للہ رب العالمین۔

(امام احمد رضا رضی اللہ تعالیٰ عنہ)

آپ اسلام اور مسلمانوں کے پیشوا ہیں۔ رب العالمین کی نشانیوں میں سے ایک نشانی ہیں۔ سید المرسلین علیہ الصلوٰۃ والتسلیم کے معجزوں میں سے ایک معجزہ ہیں۔ مصنف بریلوی کے نام سے مشہور ہیں رضی عنہ ربہ القوی۔ شہر بریلی شریف میں ۱۰ شوال ۱۲۷۲ھ مطابق ۱۴ جون ۱۸۵۶ء میں پیدا ہوئے۔ اور وہیں اپنے دادا بزرگوار امام رضا علی خان رضی عنہ ربہ الرحمن کے زیر نگرانی پرورش پائی۔ اور اپنے والد علامہ مولانا نقی علی خان بریلوی کے پاس اور علامہ مولانا عبدالعلی رامپوری کے پاس تعلیم حاصل کی اور آپ تیرہ سال دس ماہ کی عمر میں تمام علوم شرعیہ کے عالم اور جمیع علوم عقلیہ کے ماہر ہو گئے۔ اور امام سید آل رسول مارہروی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے سلسلہ عالیہ قادریہ میں ۵ جمادی الاخریٰ ۱۲۹۴ھ میں بیعت کی اور ان سے علوم باطنیہ حاصل کیا۔ اور آپ کی حیات مبارکہ دین اور علوم کے دروازے کھولنے کی تھی۔ لیکن آپ کی طبیعت کا میلان پہلے (احیاء دین) کی جانب تھا۔ اور آپ نے بہت سی دینی کتابیں تصنیف فرمائی یہاں تک کہ آپ کی تصانیف کی تعداد ہزار سے زیادہ ہو گئی۔ انہیں میں سے فتاویٰ رضویہ ہے جو بارہ ضخیم (موٹی) جلدوں پر مشتمل ہے۔

اور آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے بہت سے ان علوم کو زندہ فرمایا جن کی نشانیاں مٹ چکی تھیں جیسے تکسیر، توقیت، جفر، مقولہ جبر وغیرہ۔

اور آپ جب حرمین شریفین زادہما اللہ شرفاً حج و زیارت کے لئے تشریف لے گئے۔ اور آپ کا علمی دبدبہ چاروں طرف پھیلا تو آپ کی خدمت میں حرمین کے بڑے بڑے علماء حاضر ہوئے اور وہ لوگ آپ کے دست مبارک پر بیعت ہوئے۔ اور آپ سے اجازت و خلافت حاصل کی۔ اور انہیں سے بعض حضرات نے زبان و قلم سے کئی بار اعلان فرمایا کہ بے شک اعلیٰ حضرت شیخ احمد رضا خان اس زمانہ میں دین و ملت کے مجدد ہیں۔ اور ایشیاء اور افریقہ کے بہت سے علماء امور شریعت و طریقت میں آپ سے استفادہ کرتے تھے۔ اور آپ کی عظیم سیرت میں سے یہ ہے کہ آپ نے سید الانس والجان علیہ افضل الصلوٰۃ والسلام کی سنتوں کو عمل اور قلم اور زبان کے ذریعہ زندہ کیا۔ اور ہر وقت ہر جگہ اس کی ترویج کے لئے کوشش کی۔ اور آپ کی عظیم سیرت میں سے یہ بھی ہے کہ آپ ہر شخص کے ذریعہ [illegible] بدمذہب بے دینوں اور مرتدین سے بیزاری ظاہر کرتے اور ان پر سختی کرتے ہے اور کی

یشہ سے ہے کہ جبتک آپ سیدنا محمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کی ناموس کے لئے ڈھال بنکر جس وقت کہ ہندوستان کے دشمنان رسول نے اپنے اقوال خبیثہ کو رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی شان میں شائع کیا۔ اور اسی میں یہ ہے کہ آپنے الگ سے فرق باطلہ جیسے قادیانی، نیچری، فلسفی، یہودی، نصاریٰ، مجوسی، ہندو قوم، دیوبندی، رافضی، خارجی، وہابی، دیگر اور ندوی وغیرہ کے رد میں کتابیں تصنیف فرمائیں۔

اور آپکے بڑے بڑے خلفاء میں سے آپکے بڑے صاحبزادے حجۃ الاسلام مولانا شاہ حامد رضا خاں اور آپکے چھوٹے صاحبزادے مفتی اعظم شاہ مصطفیٰ رضا خاں، عالم شہیر محدث کبیر سید محمد عبدالحی حسنی فاسی بن سید عبدالکبیر جو باشندہ ہیں بلاد مغرب افریقہ کے ہیں رئیس العلماء مولانا شیخ صالح کمال مکہ شریف کے مفتی تھے۔ اور فاضل جلیل مولانا سید اسمٰعیل بن مولانا سید خلیل مکی، مولانا [illegible]، علامہ محمد عابد بن حسین مکہ معظمہ کے مفتی مالکیہ۔ مولانا شیخ عبداللہ بن مولانا شیخ احمد ابوالخیر میرداد مکی، مولانا سید عبداللہ دحلان مکی۔ مولانا سید سالم بن عیدروس [illegible] علوی حضرمی، مولانا سید علوی بن حسن الکاف حضرمی، مولانا ضیاء الدین مہاجر مدنی، رئیس المفسرین سید نعیم الدین مراد آبادی، خاتم الفقہاء امجد علی، شیخ المحدثین سید دیدار علی، ملک العلماء مولانا ظفر الدین بہاری، فقیہ اعظم مولانا ابو یوسف محمد شریف پنجابی، مولانا [illegible] اور ان کے علاوہ بہت سے مشہور خلفاء ہیں۔ رحمہم اللہ تعالیٰ ـــ

اور آپنے ۲۵ صفر ۱۳۴۰ھ بروز جمعہ مبارکہ ۲ بجکر ۳۸ منٹ پر انتقال فرمایا مطابق ۲۸ اکتوبر ۱۹۲۱ء۔ جان لو بے شک تمام علماء و مشائخ اس بات پر متفق ہیں کہ بے شک امام احمد رضا رضی اللہ تعالیٰ عنہ چودھویں صدی ہجری کے مجدد ہیں ـــ

(حافظ دین وملت)

بانی الجامعۃ الاشرفیہ عربی یونیورسٹی مبارکپور ۔ قدس سرہ العزیز

۱۳۱۲ھ ۱۳۹۶ھ

آپ عبدالعزیز بن حافظ غلام نور بن عبدالرحیم مراد آبادی ہیں ۔ حافظ دین وملت۔ متفرق علوم کے جامع، علوم اسلامیہ میں ممتاز زمانہ، فنون عقلیہ میں نادر روزگار، اسلام اور مسلمانوں کے خدمت گار، اور بانی الجامعۃ الاشرفیہ اور علماء پیدا کرنے والے ہیں ۔

آپکی پیدائش حافظ ملت بروز دوشنبہ ۱۳۱۲ھ موضع بھوجپور ضلع مراد آباد (ہندوستان) میں پیدا ہوئے ۔ آپکے دادا بزرگوار نے آپکا نام شاہ عبدالعزیز محدث دہلوی علیہ الرحمہ کے نام

[illegible]

پر رکھا ۔ اور فرمایا عنقریب یہ میرا بیٹا دین کا بڑا عالم ہوگا ۔

آپکی پرورش حافظ ملت ایک غریب خاندان میں، نیک دینی، ہدایت یافتہ اسلامی ماحول میں پروان چڑھے ۔ اور آپ کا خاندان بزرگی اور شرافت میں مشہور تھا ۔ اور آپکے والد گرامی اور دادا بزرگوار دیندار تھے ۔ اور آپکے خاندان کا اوپر دینی رنگ چڑھا ہوا تھا ۔

آپکی تعلیم حافظ ملت تعلیم میں اپنے باپ دادا کے طریقے پر چلے ۔ پس آپنے قرآن مجید اپنے والد بزرگوار کے پاس حفظ کیا ۔ اور ابتدائی درجوں کی تعلیم مکمل کی ۔ اور فارسی کی ابتدائی تعلیم مولوی عبدالمجید مراد آبادی اور حافظ نور بخش سے اپنے وطن ہی میں حاصل کی ۔ پھر آپکی تعلیم منقطع ہوگئی ۔ اور آپ اپنے وطن ہی میں مدرسہ حفظ القرآن میں مدرس اور بڑی جامع مسجد میں امام مقرر ہوگئے اسی طرح پانچ سال گذر گئے ۔ پھر آپ اعلیٰ تعلیم کی طرف مائل ہوئے ۔ اور جامعہ نعیمیہ مراد آباد میں داخلہ لیا ۔ اور اسمیں تین سال تک تعلیم حاصل کی ۔ لیکن شرح جامی سے آگے نہ پڑھ سکے ۔ پھر آپ دوسرا مدرسہ اور مہربان ومخلص استاذ کی تلاش کرنے لگے ۔ یہاں تک کہ صدر الشریعہ فقیہ اسلامی میں ممتاز علامہ امجد علی اعظمی (مؤلف بہار شریعت) رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ المتوفی ۱۳۶۷ھ) کی خدمت میں حاضر ہوئے اور اپنا مقصد بیان کیا ۔ تو آپ نے قبول فرمالیا ۔ اور مدرسہ معینیہ اجمیر شریف میں آنے کا حکم دیا ۔ تو حافظ ملت نے اس مدرسہ میں شوال ۱۳۴۲ھ میں داخلہ لیا اور پڑھتے رہے ۔ اور شیخ جلیل صدر الشریعہ سے اپنے ساتھیوں شیخ کبیر محدث اعظم پاکستان مولانا سردار احمد رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ المتوفی ۱۳۸۲ھ اور شیخ المنطق مولانا غلام جیلانی میرٹھی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ مؤلف بشیر القاری وبشیر الکامل وبشیر الناجیہ) اور مجاہد ملت مولانا حبیب الرحمٰن اڑیسوی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ اور ان لوگوں کے علاوہ کے ساتھ استفادہ کرتے رہے ۔ یہاں تک کہ آپ نے اپنی تعلیم مکمل فرمائی اور علوم و معارف کے حامل ہوکر سنہ ۱۳۵۱ھ میں سند فراغت حاصل کی ۔ اور اسمیں کوئی شک نہیں ہے کہ صدر الشریعہ رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ کی توجہ آپکی طرف زیادہ تھی ۔ اور آپکو بڑا فائدہ پہونچا یہاں تک کہ حافظ ملت کی شخصیت کو تاریخ کی ان بڑی شخصیتوں میں سے بنادیا جن پر زمانہ فخر کرتا ہے ۔

مبارکپور میں آپکی تشریف آوری حافظ ملت تعلیم کی تکمیل کے بعد شیخنا صدر الشریعہ کی خدمت میں شہر بریلی شریف میں سال بھر تک رہے ۔ اور اسی زمانے میں شیخ صدر الافاضل مولانا سید نعیم الدین مراد آبادی (مؤلف خزائن العرفان) نے آپکو شعبان سنہ ۱۳۵۲ھ میں آگرہ کی جامع مسجد میں امام مقرر کرنا چاہا تو آپنے انکار کردیا اور کہا کہ میں ملازمت نہیں کروں گا ۔ اور حافظ ملت اسلام کی بے لوث خدمت کرنا چاہتے تھے ۔

[illegible]

لیکن شیخ صدر الشریعہ نے انہیں اسی سال بریلی شریف طلب فرمایا اور وہاں کو بحیثیت مدرس مبارکپور ضلع اعظم گڈھ میں تدریسی خدمت کرنے کا حکم دیا تو حافظ ملت نے استاذ کے حکم کو مانتے ہوئے مبارکپور ۲۹ شوال ۱۳۵۱ھ میں اپنی تشریف آوری سے مشرف فرمایا۔ اور تدریس میں مشغول ہو گئے۔ اور تدریس وتعلیم پر چھیالیس سال کے طویل عرصے تک نہایت رعب ودبدبہ شان وشوکت اور نام کی شہرت کے ساتھ بلند مرتبہ ہوکر مقیم رہے۔ جن سے مثالیں دی جاتی ہیں۔ اور جنکی طرف رخت سفر باندھا جاتا ہے۔ اور ہر چہار جانب سے طلبہ آتے ہیں۔

اور آپ صرف ایک قابل مدرس ہی نہیں بلکہ ایک ماہر خطیب بھی تھے۔ اور ہندوستان کے مختلف اطراف کا دورہ فرماتے تھے۔ اور اپنی خطابت سے تبلیغ اسلام کرتے تھے۔ جس طرح آپ ایک مدرس وخطیب تھے اسی طرح ایک مصنف بھی تھے۔ اور چند کتابیں بھی تصنیف فرمائی جن میں سے معارف الحدیث وفتاوی عزیزیہ اور الصباح الجدید اردو جو بانیہ میں سے فرقہ دیوبندیہ کی رد میں ہے) اور ان کے علاوہ کئی مفید کتابیں ہیں۔ تاہم آپکی پوری توجہ مدرسہ کی جانب تھی۔ اور مدرسہ کی ترقی کیلئے ہمیشہ کوشش کرتے رہے۔ اور اس راستے میں اپنی پوری جدوجہد کرتے رہے اور ترقی دیتے رہے اور اسکو آگے بڑھاتے رہے۔ اور مدرسہ کو جامعہ کی شکل میں تبدیل کرنے کا عزم مصمم کر چکے تھے آخر کار انہیں کامیابی نصیب ہوئی — اور جب آپ مبارکپور تشریف لائے تو مدرسہ اشرفیہ کو ایک مکتب کی شکل میں پایا۔ تو پہلے آپنے اسے مدرسہ کی شکل میں ترقی دی۔ اور اسکے مطمئن نہ ہوئے اور چین سے نہ بیٹھے یہاں تک کہ اسکو یونیورسٹی تک پہونچا دیا اور جب جامعہ کی تکمیل فرمائی خود دنیا سے رحلت فرماگئے

حضور حافظ ملت نے کئی ایک لافانی کارنامے انجام دیئے جن میں سے ایک الجامعۃ الاشرفیہ کی تعمیر ہے۔ جو بلاشبہ ایسا کارنامہ ہے جسکو ہندوستان میں آپ سے پہلے کسی نے نہیں انجام دیا۔ حافظ ملت کے دل میں ایک زمانہ سے اہلسنت کیلئے ایک بڑے جامعہ کی تعمیر کی خواہش موجزن تھی۔ اور اس مبارک مقصد کو پانے کیلئے آپ انتہائی کوشش کرتے رہے اور اس کے درپے رہے حتی کہ پروردگار عالم نے اس عظیم امر کی توفیق بخشی اور سنہ ۱۳۹۲ھ مطابق سنہ ۱۹۷۲ء میں حضور مفتی اعظم ہند شاہ محمد مصطفیٰ رضا خاں بریلوی ابن اعلیحضرت امام احمد رضا خاں فاضل بریلوی رضی اللہ تعالیٰ عنہما کے دست مبارک سے جامعہ کا سنگ بنیاد مبارکپور میں رکھا گیا۔ اور ایک ہی سال میں اسکی تعمیر مکمل ہوگئی اور آپکی یادگار قائم ہوگئی۔ اور سنہ ۱۳۹۳ھ میں جامعہ کی عمارت مکمل ہونے کے بعد ہی اسمیں درس وتدریس کا کام شروع ہوگیا۔ اور آج جامعہ اپنی عظیم تعلیمی خدمات میں مشغول ہے۔ اور برابر ترقی کرتا رہیگا، اور اس کی خدمات روز بروز زیادہ ہوتی رہے گی —

(ان کارناموں میں) **علماء کا گڑھ تیار کرنا** حضور حافظ ملت علیہ الرحمۃ اپنے عالم شباب سے تا دم آخر ہمیشہ تدریسی خدمت انجام دیتے رہے حتی کہ آپ نے اس دن بھی درس دیا جس دن آپکی وفات ہوئی۔ اور ہزارہا ممتاز علما مبلغین مقررین اور مدرسین کو پیدا فرمایا۔ یہاں تک کہ آپکے دست مبارک سے فارغ ہونے والے علماء کی تعداد ہزاروں سے زیادہ ہوگئی۔

(ان کارناموں میں سے) **مبارکپور میں بڑی جامع مسجد کی تعمیر** اس جامع مسجد کا سنگ بنیاد ۱۳۸۰ھ میں رکھا گیا۔ اور چند سالوں میں اسکی تعمیر مکمل ہوگئی۔ اور بلاشبہ یہ مسجد اعظم گڈھ کی سب سے بڑی مسجد ہے۔ بلکہ اس جیسی مسجد ہندوستان کے اکثر ضلعوں میں نہیں پائی جاتی۔ اور اس میں پانچ ہزار نمازیوں کی گنجائش ہے۔

آپکی وفات آپ نے مبارکپور میں بروز دوشنبہ جمادی الاخری ۱۳۹۶ھ کی دوسری نصف شب مطابق ۳۱ مئی ۱۹۷۶ء میں رحلت فرمائی۔ اور مزار مبارک جامعہ کے دار الاقامہ کے پہلو میں زیارت گاہ ہے۔ اللہ تعالیٰ ان کے مرقد کو منور فرمائے۔ اور انہیں اپنی جنت کے وسط میں جگہ عطا فرمائے۔ وصلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم علی افضل خلقہ نبینا سیدنا محمد وآلہ وصحبہ اجمعین۔ وآخر دعوانا ان الحمد للہ رب العلمین ٥

(جواہر غالیہ)

بیش قیمت موتیاں

مشکل کشا امیر المومنین مولیٰ علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ وارضاہ عنا نے فرمایا

(ہم اپنے بارے میں پروردگار عالم کی تقسیم سے راضی ہیں کہ ہمارے لئے علم ہے اور جاہلوں کے لئے مال ہے)

سیدنا حسان بن ثابت رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی تعریف کرتے ہوئے فرمایا۔

(مخلوق میں سب سے بہتر سید سردار محبوب الثقلین کے حبیب محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر سلام ہو)

(خوشخبری دینے والے، ڈرانیوالے، ہاشمی (خاندان والے) بزرگی وشرافت والے شفقت کرنے والے مہربانی کرنے والے پر جو احمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے نام سے موسوم ہیں)

(آپ سے زیادہ حسین میری آنکھ نے کبھی نہیں دیکھا، اور آپ سے زیادہ خوبصورت کسی عورت نے جنا نہیں)

(آپ ہر عیب سے پاک پیدا کئے گئے ہیں گویا کہ آپکو آپکی مرضی (منشا) کے مطابق پیدا کیا گیا)

امام اعظم ابو حنیفہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی تعریف کرتے اور مدح کرتے ہوئے فرمایا۔ (آپکی ذات وہی ہے کہ جب حضرت آدم علیہ السلام نے اپنی لغزش سے آپکو وسیلہ

بنایا تو کامیاب ہو گئے حالانکہ وہ تو آپکے باپ ہیں) (اور حضرت ایوب علیہ السلام نے اپنی آزمائش کی گھڑی میں آپکو پکارا تو پکارتے ہی ان کی مصیبت زائل ہو گئی) (اور آپ نے حضرت قتادہ کی آنکھ میں دوبارہ بینائی عطا فرمائی اور ابن حصین کو اپنی شفاء سے صحت عطا فرمائی) (اے جن و انس میں سب سے بزرگ اور اے مخلوق کے محبوب ذخیرہ مجھے اپنی بخشش عطا کیجئے اور اپنی رضا سے راضی ہو جائیے) (میں آپ کی بخشش کا مشتاق ہوں والا لک ابو حنیفہ کے لئے ساری مخلوق میں آپ کے سوا کوئی نہیں ہے) امام محمد بوصیری صاحب قصیدہ بردہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی تعریف کرتے اور ان سے مطلب کرتے ہوئے فرمایا۔ (اے مخلوق میں سب سے بزرگ آپکے سوا میرا کوئی نہیں ہے جسکی میں ہجوم پریشانی کے وقت پناہ لوں) اسلئے کہ بے شک دنیا اور اس کا مال آپکی بعض بخشش ہے، اور لوح و قلم کا علم آپکے علوم کا بعض حصہ ہے) (سیدنا غوث اعظم بغدادی رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے اپنے بلند مقام کی خبر دیتے ہوئے ارشاد فرمایا) (میں اللہ تعالیٰ کی تمام سرزمین کو رائی کی طرح اتصال کے طریقے پر دیکھ رہا ہوں) (اور اللہ تعالیٰ نے مجھے تمام ولیوں کا سردار بنایا ہے پس میرا حکم ہر حال میں نافذ ہوتا ہے)

(نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی کچھ احادیث کریمہ)

جو نبی کریم صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے منقول ہیں۔

(۱) محدث ابن جوزی رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے بیان فرمایا کہ اللہ تعالیٰ نے محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف وحی فرمائی۔ اے محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) ہر شخص میری رضا کا طالب ہے اور میں آپ کی رضا کا طالب ہوں۔

(۲) رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا اے ابوبکر (رضی اللہ تعالیٰ عنہ) قسم ہے اس ذات کی جس نے مجھے حق کیساتھ مبعوث فرمایا میری حقیقت کو میرے رب کے سوا کسی نے نہیں پہچانا۔

(۳) ام المومنین حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے مروی ہے انہوں نے کہا کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا اے عائشہ اگر میں چاہتا تو میرے ساتھ سونے کے پہاڑ چلتے۔

(۴) حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے آپ نے کہا کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا جو علم طلب کرنے کیلئے نکلا تو وہ اللہ کے راستے میں ہے یہاں تک کہ واپس ہو جائے۔

(۵) حضرت ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے مروی ہے انہوں نے کہا کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا جماعت نماز ستائیس درجہ تنہا نماز پڑھنے پر فضیلت رکھتی ہے۔

(۶) حضرت ابن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ انہوں نے کہا کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا کہ قیامت کے دن لوگوں میں سب سے زیادہ مجھ سے قریب وہ ہوگا جو مجھ پر زیادہ درود بھیجتا ہے۔

(۷) حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا [illegible] (جنتی) تو اللہ تعالیٰ اسے جس جنت میں چاہے داخل کرتا ہے [illegible] جاتے ہیں [illegible] بہشت میں داخل کئے جاتے ہیں۔

(۸) حضرت ابو درداء رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا [illegible] بیشک اللہ تعالیٰ نے زمین پر انبیاء علیہم السلام کے اجسام کو کھانا حرام فرما دیا ہے پس اللہ کے نبی [illegible] زندہ ہیں اور انہیں رزق دیا جاتا ہے۔

(۹) حضرت عبدالرحمن بن عائش رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا میں نے اپنے پروردگار عزوجل کو بہتر صفت جمال دیکھا (یا اس حال میں دیکھا) [illegible] صورت میں تھا اور پوچھا کس مسئلہ میں فرشتے بحث کرتے ہیں تو میں نے عرض کیا تو خوب جانتا ہے۔ فرمایا تو [illegible] اپنا دست قدرت میرے دونوں شانوں کے درمیان رکھا تو میں نے اسکی ٹھنڈک اپنے سینہ کے درمیان پائی تو جو کچھ بھی زمین و آسمان میں ہے جان گیا۔

(۱۰) رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا میں اہل محبت کے درود سنتا ہوں اور انہیں پہچانتا ہوں اور ان کے علاوہ کے درود مجھ پر پیش کئے جاتے ہیں۔

(۱۱) حضرت ثوبان رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے انہوں نے کہا کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا اللہ تعالیٰ نے میرے لئے زمین کو سمیٹ دیا تو میں نے اس کے مشارق و مغارب کو دیکھا۔

(۱۲) حضرت عبادہ بن صامت رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے وہ روایت کرتے ہیں نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے آپ نے ارشاد فرمایا جو اللہ کی لقاء کو محبوب رکھتا ہے اللہ تعالیٰ اس کی لقاء کو محبوب رکھتا ہے اور جو اللہ کی لقاء کو ناپسند کرتا ہے تو اللہ تعالیٰ اس کی لقاء کو ناپسند کرتا ہے۔

(۱۳) حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے انہوں نے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا دو کلمے ایسے ہیں جو رحمان کو محبوب ہیں زبان پر ہلکے ہیں میزان میں بھاری ہیں۔ سبحان اللہ وبحمدہ سبحان اللہ العظیم۔

(قرآن حکیم کے چند آیات)

(۱) بے شک تمہارے پاس اللہ کی طرف سے ایک نور آیا اور روشن کتاب۔ (۲) اے ایمان والو اپنے باپ اور اپنے بھائیوں کو دوست نہ سمجھو اگر وہ ایمان پر کفر پسند کریں۔ (۳) اور حرام نہیں مانتے اس چیز کو جسکو حرام کیا اللہ اور اس کے رسول نے۔ (۴) اور اللہ ہی کا بول بالا ہے۔ (۵) تم فرماؤ کیا اللہ اور اس کی آیتوں اور اس کے رسول سے ہنستے ہو بہانے نہ بناؤ تم کافر ہو چکے مسلمان ہو کر۔ (۶) اے غیب کی خبریں دینے والے (نبی) جہاد فرماؤ کافروں اور منافقوں پر اور ان پر سختی کرو۔ (۷) اللہ کی قسم کھاتے ہیں کہ انہوں نے نہ کہا اور بے شک ضرور انہوں نے کفر کی بات کہی اور اسلام میں آکر کافر ہو گئے۔ (۸) اللہ و رسول نے انہیں اپنے فضل سے غنی کر دیا۔ (۹) سن لو بیشک اللہ کے ولیوں پر نہ کچھ خوف ہے نہ کچھ غم۔ (۱۰) اور ہم نے تم پر یہ قرآن اتارا کہ ہر چیز کا روشن بیان ہے (۱۱) اور ہم نے تمہیں نہ بھیجا مگر رحمت سارے جہان کیلئے۔ (۱۲) تم فرماؤ اے میرے وہ بندو جنہوں نے اپنی جانوں پر زیادتی کی

اللہ کی رحمت سے ناامید نہ ہو۔ (۱۳) محمد صلی اللہ علیہ وسلم اللہ کے رسول ہیں اور ان کے ساتھ والے کافروں پر سخت ہیں۔ اور آپس میں نرم دل۔ (۱۴) اے ایمان والو اپنی آوازیں اونچی نہ کرو اس غیب بتانے والے نبی کی آواز سے۔ (۱۵) اور عیب نہ ڈھونڈو اور ایک دوسرے کی غیبت نہ کرو۔ (۱۶) اور میں نے جن اور آدمی اتنے ہی لئے بنائے کہ میری بندگی کریں۔ (۱۷) اور عزت تو اللہ اور اس کے رسول اور مسلمانوں ہی کیلئے ہے مگر منافقوں کو خبر نہیں۔ (۱۸) غیب کا جاننے والا تو اپنے غیب پر کسی کو مسلط نہیں کرتا سوائے اپنے پسندیدہ رسولوں کے۔ (۱۹) اور یہ نبی غیب بتانے میں بخیل نہیں۔ (۲۰) کہ تمہیں تمہارے رب نے نہ چھوڑا اور نہ مکروہ جانا اور بیشک پچھلی تمہارے لئے پہلی سے بہتر ہے اور بیشک قریب ہے کہ تمہارا رب تمہیں اتنا دیگا کہ تم راضی ہو جاؤ گے۔ (۲۱) اے محبوب بیشک ہم نے تمہیں بیشمار خوبیاں عطا فرمائیں تو تم اپنے رب کیلئے نماز پڑھو اور قربانی کرو، بیشک جو تمہارا دشمن ہے وہی ہر خیر سے محروم ہے۔ (۲۲) تم فرماؤ "وہ اللہ ہے وہ ایک ہے اللہ بے نیاز ہے نہ اس کی کوئی اولاد اور نہ وہ کسی سے پیدا ہوا" اور نہ اس کے جوڑ کا کوئی ہے

نوٹ۔ مذکورہ آیات کے ترجمے کنز الایمان سے لئے گئے ہیں۔

تمت بالخیر

فالحمد للہ تعالیٰ علیٰ ذالک

وصلی اللہ تعالیٰ وبارک وسلم علی النبی الکریم وعلی آلہ وصحبہ وابنہ الغوث الاعظم الجیلانی والمجدد الاعظم الامام احمد رضا البریلوی وشیخنا المکرم المفتی الاعظم مولانا الشاہ مصطفیٰ رضا خاں النوری البریلوی۔

وآخر دعوانا ان الحمد للہ رب العلمین

محمد انور علی نوری مظہر القادری

دار العلوم حمایت العلوم گجپور گرنٹ اترولہ گونڈہ یوپی

۱۴ ذی قعدہ سنہ ۱۴۱۰ھ مطابق ۸ جون سنہ ۱۹۹۰ء

بروز جمعہ مبارکہ